# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Thursday, January 01, 2015
(109th Session)
Volume X, No. 09
(Nos. 01-12)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad.*

Volume-X SP.X(09)/2015
No. 09 15

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. Observation of the Honourable Chairman Regarding Attendance of Members in the House ........ 2
3. Point of Order Raised by Senator Mian Raza Rabbani Demanding Ruling of the Chair on Observation of Minister for Water and Power and Violation of Article 77 ........ 3
4. Leave of Absence ........ 5
5. Legislative Business: Introduction of [The Securities Bill, 2014] by Shaikh Aftab Ahmed, Minister of State for Parliamentary Affairs. ........ 5
6. Discussion on the Presidential Address to Both the Houses Assembled together on 2nd June, 2014. ........ 6
    - Senator Taj Haider ........ 6
    - Senator Muhammad Zahid Khan ........ 17
    - Senator Kahlida Parveen ........ 23
    - Senator Dr. Saeeda Iqbal ........ 26
7. Calling Attention Notice Re: Imposition of 5% Additional GST by the Government through FBR on Petroleum Products in the name of Senator Mian Raza RAbbani, Kamil Ali Aga, Muhammad Zahid Khan, Saeedul Hassan Mandokhail and Kalsoon Parveen ........ 31
8. Brief Statement by Minister for Finance Regarding Increase in GST on Petroleum Products ........ 31
9. Participation of Movers on the Calling Attention Notice ........ 39

- Senator Mian Raza Rabbani ........ 39

10. Point of Order raised by Senator Ch. Mohammad Jaffar Iqbal regarding Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate ........ 47
    - Senator Muhammad Zahid Khan ........ 49
    - Senator Kalsoom Parveen ........ 50
    - Senator Saeed-ul-Hassan Mandokhail ........ 51
    - Senator Nasreen Jalil ........ 51
    - Senator Muhammad Ishaq Dar ........ 52
    - Senator Dr. Muhammad Jahangir Badar ........ 56
11. Walkout by the Opposition Parties on Levying Additional Tax ........ 58

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, January 01, 2015

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty five minutes past eleven in the morning with Mr. Chairman (Syed Nayyar Hussain Bokhari) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُم مِّنَّا الْحُسْنٰى ۙ أُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ ﴿١٠١﴾
لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا ۖ وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ أَنفُسُهُمْ خٰلِدُونَ ﴿١٠٢﴾
لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۚ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِي
كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿١٠٣﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۚ
كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ ۚ وَعْدًا عَلَيْنَا ۚ إِنَّا كُنَّا فٰعِلِينَ ﴿١٠٤﴾
وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ
الصّٰلِحُونَ ﴿١٠٥﴾ إِنَّ فِي هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِينَ ﴿١٠٦﴾ وَمَآ أَرْسَلْنٰكَ
إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِينَ ﴿١٠٧﴾

ترجمہ: جن لوگوں کے لیے ہماری طرف سے پہلے بھلائی مقرر ہو چکی ہے وہ اس سے دور رکھے جائیں گے۔ (یہاں تک کہ) اس کی آواز بھی تو نہیں سنیں گے۔ اور جو کچھ ان کا جی چاہے گا اس میں (یعنی ہر طرح کے عیش اور لطف میں) ہمیشہ رہیں گے۔ ان کو (اس دن کا) بڑا بھاری خوف غمگین نہیں کرے

گا۔اور فرشتے ان کو لینے آئیں گے۔(اور کہیں گے کہ) یہی وہ دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔ جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹ لیں گے جیسے خطوں کا طومار لپیٹ لیتے ہیں۔ جس طرح ہم نے (کائنات کو) پہلے پیدا کیا تھا اسی طرح دوبارہ پیدا کر دیں گے۔(یہ) وعدہ (ہے جس کا پورا کرنا) لازم ہے ہم (ایسا) ضرور کرنے والے ہیں۔ اور ہم نے نصیحت (کی کتاب یعنی تورات) کے بعد زبور میں لکھ دیا تھا کہ میرے نیکوکار بندے ملک کے وارث ہوں گے۔ عبادت کرنے والے لوگوں کے لیے اس میں (اللہ کے حکموں کی) تبلیغ ہے۔اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہم نے تم کو تمام جہان کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

(سورۃ الانبیاء آیات ۱۰۱ تا ۱۰۷)

# Observation of the Honourable Chairman Regarding Attendance of Members in the House

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ Minister for Parliamentary Affairs اور Leader of the Opposition بھی بیٹھے ہیں۔ یہ بڑے دکھ اور افسوس کی بات ہے، 11 بجے ٹائم تھا I kept on waiting for 35 minutes in my chamber. There was nobody in the House اور مجھے کہا گیا کہ ابھی members نہیں آئے، I kept on waiting, اچیئرمین آگیا تو پھر کچھ Ministers اور members بھی آئیں گے۔ This shows the seriousness, مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے۔ hope so اکہ اگر میں آدھا گھنٹہ اور دیر سے ہال میں آتا تو members آدھا گھنٹہ اور انتظار میں رہتے کہ چیئرمین آئے گا تو then we will drop-in. منسٹر صاحب! یہ بڑے افسوس کی بات ہے۔ One should realize responsibility. یہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ جب تلاوت ہو رہی تھی تو کوئی ممبر بھی ہاؤس میں نہیں تھا۔ Ministers کو بھی اسے سمجھنا چاہیے، اگر باقی members نہیں آتے they are supposed to be here. hope so اکہ یہ practice in future نہیں ہو گی اور اگر آپ چاہتے ہیں تو I can adjourn the House for thirty minutes جب members آجائیں تو پھر ہم proceedings شروع کرتے ہیں۔ جی زاہد خان صاحب۔

سینیٹر محمد زاہد خان: جناب چیئر مین! آپ بالکل صحیح بات کر رہے ہیں، میں اور افراسیاب خٹک صاحب 11 بجے یہاں آئے تھے اور ہم نے تقریباً 20 منٹ انتظار کیا کہ شاید کوئی ممبر آ جائے اور سٹاف آپ کو بھی بلا لے۔ یہ ساری ذمہ داری تو حکومت کی ہے کیونکہ سیشن انہوں نے بلایا ہے، یہ اپوزیشن کی ذمہ داری نہیں بنتی۔ جب ان کے وزیر اور Leader of the House نہیں آتے تو باقی ممبران کا کیا قصور ہے۔ یہ ہماری بد قسمتی ہے کہ موجودہ حکومت نے خاص طور پر سینیٹ کے ساتھ ایسا رویہ روا رکھا ہوا ہے۔ یہ ان کی ذمہ داری ہے، اگر ہم requisition کریں گے تو پھر ہماری ذمہ داری ہو گی کہ ہم پہلے آئیں۔ جناب چیئر مین! ہم آپ کے ساتھ ہیں، یہ اس ہاؤس کی تذلیل ہے۔ آپ اس ہاؤس کے custodian ہیں، آپ اس پر ruling دیں تاکہ آئندہ ایسا نہ ہو۔

جناب چیئر مین: رضا ربانی صاحب۔

## Point of Order Raised by Senator Mian Raza Rabbani Demanding Ruling of the Chair on Observation of Minister for Water and Power and Violation of Article 77

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئر مین! آپ کی observation سو فیصد درست ہے۔ میں آپ کو یہ suggest کروں گا کہ آج تو آپ نے یہ بات کہی اور obviously members and ministers تک convey بھی ہو گی۔ آپ یہ practice بنا لیں کہ اگر آپ نے دس بجے کے لیے ٹائم دیا ہے تو آپ دس بجے ہاؤس میں آ جائیں اور اگر کوئی نہیں ہوتا تو you adjourn the House. آپ ایک دو دفعہ ایسا کریں گے تو automatically members will start coming. افسوس کی بات یہ ہے کہ آپ treasury benches کو دیکھ لیں کہ کتنے لوگ ہیں۔ زاہد خان صاحب صحیح کہہ رہے ہیں کہ سیشن ان کا ہے، Presidential Address پر بحث کرنا ان کا issue ہے، with the exception of the Minister for Parliamentary Affairs there is not a single government functionary or Minister here. The galleries are also empty, there is nobody in the gallery. The honourable Leader of the House is also not present in the

لیکن اب وہ بھیHouse, he is very punctual and he is always there نہیں آ رہے۔

and in particular the پارلیمنٹ کوnonseriousلیا جا رہا ہے Senate that is now becoming a jokeاور میں آپ سے یہ بھی requestکروں گا کہ کل جوایک observation honourable Minister for Water and Powerنے کی،آپ اس issueکو بھی take upکریں، on the question that it is not his duty to be present in the Standing Committee, we will assist you from the floor. آپ اس پر بھی ایکrulingدیں کہ whether it is the responsibility of a Minister to be present in the Standing Committee or not or is it his grace that he comes to the meeting.

So, I would kindly request you that if the House is in session next week, to have a detailed hearing on that and also on the question of the violation of Article 77, that is taking place. Yesterday and since early morning today I have been able to go through some judgments of the Supreme Court but I would require till Monday to be in a better position to assist you from the floor.

جناب چیئرمین: شکریہ، رضاربانی صاحب نے فرمایا۔ It was a settled principleگیارہ بجے کا ٹائم تھا تو 30 minutes are given as the grace period for members to reach the House and that practice is going since long,ہم تو اسی کو observeکرتے رہے۔ But it is so unfortunate that I came at 11:35 and nobody was here, the only lady Senator from treasury benches, she entered the first one. It is not only the treasury benches obviously other members are also supposed to be in the House.اگر

کورم پورا نہیں ہوتا,that's a different issueکوئی raiseکرے یا point outکرے لیکن

there is an obligation on each and every member when the time has been fixed so one should reach on that. Now we may proceed with the leave applications.

## Leave of Absence

جناب چیئرمین: سینیٹر فرحت اللہ بابر صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر آج مورخہ یکم جنوری کے لیےایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیایہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: میاں صاحب!آپ نے جو دوسری بات فنانس منسٹر کے حوالے سے Article 77کے بارے میں کہاکہ اسے Mondayتک لیجائیں لیکن ایک Calling Attention Noticeعلیحدہ بھیmoveہوا ہے

which is on the Orders of the Day.

Senator Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman! it is a legal issue, that we can take up then, a calling attention we will take up today.

## Legislative Business: Introduction of [The Securities Bill, 2014] by Shaikh Aftab Ahmed, Minister of State for Parliamentary Affairs.

Mr. Chairman: O.k. We may now take up Item No. 2. Mr. Muhammad Ishaq Dar, Minister for Finance, Revenue, Economic Affairs, Statistics and Privatization may move Item No. 2

سینیٹر محمد زاہد خان: فنانس منسٹر صاحب تو نہیں ہیں۔

شیخ آفتاب احمد (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور):آج وہ آئیں گے۔

جناب چیئرمین: زاہد خان صاحب! کوئی بھی ممبر moveکر سکتا ہے، Calling Attentionکی باری آئے گی تو پھر دیکھ لیں گے۔

Shaikh Aftab Ahmed: Sir, with your permission, I want to introduce the Bill to amend and consolidate law for the regulation of the Securities Industries and the Protection of Investors [The Securities Bill, 2014].

Mr. Chairman: The Bill introduced stands referred to the Standing Committee concerned with the subject matter of the Bill. Item No. 3, we may now start discussion on President's Address.

کون صاحب آغاز کریں گے ؟ Now I give floor to Mr. Taj Haider to make the opening speech on President's Addess.

## Discussion on the Presidential Address to Both the Houses Assembled together on 2nd June, 2014.

**Senator Taj Haider**

سینیٹر تاج حیدر: جناب چیئرمین! صدر مملکت ہر سال پارلیمنٹ سے addressکرتے ہیں،ان کا یہ addressبنیادی طور پر سال کے دوران جو حکومت کی کارکردگی رہی ہے، جو کمزوریاں رہی ہیں اور جو ملک کی مجموعی صورت حال رہی ہے اس پر ان کی طرف سے واضح directionsدی جاتی ہیں کہ کس طریقہ سے آگے بڑھا جائے۔یہاں پارلیمنٹ میں ایک بڑی اچھی روایت قائم ہوئی تھی کہ جب ایک فوجی آمر کی جگہ ایک منتخب صدر آصف علی زرداری صاحب آئے اور ان کی 6تقاریر پارلیمنٹ میں بڑے تحمل کے ساتھ سنی گئیں۔اس میں خاص بات یہ تھی کہ محترم آصف زرداری صاحب نے پارلیمنٹ کو واضح رخ دکھایااور وہ یہ تھاکہ پارلیمنٹ کواور وزیرِاعظم کے دفتر کو مضبوط کیا جائےاور ایوانِ صدر کے اختیارات واپس لیے جائیں۔یہ پہلا موقع تھاکہ جب کسی صدر نے خود اپنے اختیارات دیے ہوں اور پارلیمنٹ سے کہا ہو کہ یہ اختیارات آپ کے ہیں،اس کے لیے ایک کمیٹی بنائی جائےاور وہ اختیارات لیے جائیں۔اس کے نتیجے میں،اگر میری یادداشت غلطی نہیں کر رہی، مسلسل تین تقاریر میں ہر سال وہ یہ کہتے رہے کہ کمیٹی تشکیل دی جائے جو آئین میں ضروری ترامیم لائے جس سے

وزیرِ اعظم کے دفتر کو اور پارلیمنٹ کو ان کے اختیارات واپس ملیں۔ اس کے نتیجے میں محترم سینیٹر رضا ربانی کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنی اور اس کمیٹی نے تاریخی کام کیا اور اٹھارھویں ترمیم پاس کی۔ اٹھارھویں ترمیم سے ملک کے اندر جمہوریت مستحکم ہوئی۔ شاید اٹھارھویں ترمیم کا ہی نتیجہ تھا کہ پچھلی پارلیمنٹ نے اپنا پورا منتخب عرصہ گزارا اور ملک میں انتخابات ہوئے۔

جناب عالی! مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ اچھی روایت جو قائم کی گئی تھی، ختم کر دی گئی۔ میں سینیٹر منتخب ہونے کے بعد جب یہاں پہنچا اور مجھے حلف لینا تھا، آپ نے مجھ سے یہاں حلف لیا۔ تو میں ایک دن پہلے ہی اسلام آباد آ گیا تھا کیونکہ اس دن صدرِ مملکت، پارلیمنٹ سے خطاب کر رہے تھے اور میری کوشش تھی کہ میں بھی گیلری میں بیٹھ کر صدرِ مملکت کا خطاب سنوں۔ جو چیز میں نے دیکھی وہ یہ تھی کہ حزبِ اختلاف اپنا احتجاج کر رہی تھی اس بات پر کہ وزیرِ اعظم پاکستان، گزشتہ ایک سال سے سینیٹ میں تشریف نہیں لائے تھے۔ یہ بات گزشتہ روایت کے بالکل خلاف تھی جبکہ وزیرِ اعظم، قومی اسمبلی اور سینیٹ میں آتے تھے اور ایوان کی بحث میں حصہ لیتے تھے۔ معاملہ ایسا نہیں تھا کہ جس کی وجہ سے ہمارا پورا سسٹم بیٹھ جائے کیونکہ وزیرِ اعظم کو تشریف لانا چاہیے اور ان کا یہاں نہ آنا، ایک طرح سے سینیٹ کی توہین کے مترادف تھا۔ بہر حال، وہاں کمیٹی روم میں بات چیت چل رہی تھی۔ پاکستان مسلم لیگ کے لوگ، قائدِ ایوان کی رہنمائی میں وہاں تشریف رکھتے تھے۔ یہ بات چیت ابھی چل ہی رہی تھی اور کچھ مفاہمت کی بات کی جا رہی تھی یا وعدے کیے جا رہے تھے کہ وزیرِ اعظم، آئندہ تشریف لائیں گے، معاملہ جس وقت حل ہونے والا تھا تو پتا چلا کہ صدرِ مملکت نے اپنی تقریر کا آغاز کر دیا ہے۔ انہوں نے یہ انتظار بھی نہیں کیا کہ مفاہمت ہو جائے اور اپوزیشن، پارلیمنٹ میں آ جائے اور اس کے بعد تقریر شروع کی جائے۔ اس طریقے سے یہ ایک بڑی عجیب سی بات تھی کہ صدرِ مملکت کا یہاں خطاب، پارلیمنٹ میں اپوزیشن کی موجودگی کے بغیر شروع ہوا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات جمہوریت کے لیے اچھی نہیں تھی، خاص طور پر ایک ایسے موقع پر جب حکومتی نمائندے آئے تھے اور اپوزیشن کے نمائندوں سے بات چیت چل رہی تھی۔ اگر خطاب پندرہ منٹ دیر سے شروع ہو جاتا اور مفاہمت ہو جاتی تو میرے خیال میں ہم یہاں جمہوریت کو قوی کرنے کا ایک بھرپور مظاہرہ دیکھتے۔

جناب عالی! اس وقت ہمیں مختلف مسائل در پیش ہیں۔ جمہوریت کمزور ہو رہی ہے، صوبائی خود مختاری واپس لی جا رہی ہے اور اس وقت ملک ایک شدید مالی بحران میں مبتلا ہے۔ خاص طور پر

energy کا مسئلہ درپیش ہے، اس کے حوالے سے بہت بڑی زیادتیاں کی جارہی ہیں اور اس کی وجہ سے ایک ناامیدی ملک پر چھائی ہوئی ہے۔ بنیادی طور پر میں سمجھتا ہوں کہ جمہوریت کا کمزور ہونا ان تمام مسائل کی جڑ ہے۔ جمہوریت اس وقت کمزور ہوئی جب شدت پسند گروہوں نے اس ملک میں تقویت حاصل کی اور انہوں نے 2013 کے انتخابات میں کہا کہ فلاں فلاں جماعت کو ہم انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت نہیں دیں گے جبکہ فلاں فلاں جماعتیں، انتخابات میں اپنی انتخابی مہم چلا سکتی ہیں۔ مہینوں کے دھرنے یہاں اس بات پر ہوتے رہے کہ کچھ سیٹوں پر ہونے والی دھاندلی کے حوالے سے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے اور اس کا احتساب کیا جائے۔ پورے انتخابات میں جو دھاندلی ہوئی اور گن پوائنٹ پر اگر کچھ جماعتوں کو انتخابی مہم نہیں چلانے دی گئی تو اس کا یہاں کوئی ذکر نہیں کرتا کہ کیا واقعی انتخابات ہوئے تھے۔ وہ جماعتیں جو زور و شور سے انتخابی مہم چلاتی رہیں، انہوں نے اس بات پر کیوں نہیں احتجاج کیا کہ ملک میں انتخابات fair ہونے چاہییں اور ہر سیاسی جماعت کو level playing field ملنی چاہیے۔

جناب عالی! یہ پہلی اینٹ کج رکھی گئی۔ اس کی وجہ سے دائیں بازو کی جماعتیں پھر سے establishment پر انحصار کر کے، انتخابات میں شریک ہوئیں اور انتخابات جیتیں۔ کیا تشدد اور جمہوریت ساتھ ساتھ چل سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں چل سکتے۔ کیا جمہوریت باقی رہ سکتی ہے اگر establishment کی سیاسی نظام میں مستقل دخل اندازی جاری رہے؟ جمہوریت باقی نہیں رہ سکتی لیکن یہاں کیا کیا گیا؟ یہاں establishment کا سہارا لیا گیا اور منتخب جمہوری حکومت کو destabilize کرنے کی کوشش کی جاتی رہی۔ اس کے بعد آخر میں طالبان کی support سے ترقی پسند جماعتوں کو انتخابی مہم چلانے کی اجازت نہیں دی گئی، اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ بنیاد ہی غلط پڑی اور اس ملک میں جو جمہوری انتخابات ہونے چاہییں تھے، وہ نہیں ہوئے۔

اس وقت جو crisis ہم دیکھ رہے ہیں، یہ بنیادی طور پر دائیں بازو کا crisis ہے۔ وہ جو ایک نظریاتی coalition بنا تھا، پاکستان مسلم لیگ اور تحریکِ انصاف کا، establishment کا اور شدت پسند گروہوں کا، وہ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ برسرِ پیکار ہے۔ اس وقت ملک کا موجودہ بحران اس وجہ سے ہے کہ ہم نے انتخابات 2013 میں ہر ایک کو level playing field فراہم نہیں کی اور ہم انتخابات fairly نہیں کرا سکے۔ اس وجہ سے اس وقت اقتدار میں جو دو صوبوں میں اور

وفاق میں حکومتیں ہیں، وہ عوام کو جوابدہ نہیں ہیں، وہ ان کو جوابدہ ہیں کہ جو ان کو اقتدار میں لائے تھے۔ اسی وجہ سے ہماری تمام پالیسیاں گڈمڈ ہو رہی ہیں۔

پارلیمنٹ نے انتخابی اصلاحات کے حوالے سے ایک کمیٹی بنائی ہے۔ چونکہ پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے میں الیکشن کمیشن کی ہر میٹنگ میں نمائندگی کر رہا تھا اور تمام خط وکتابت کر رہا تھا، میں نے اس کمیٹی کو لکھا کہ مجھے بھی موقع دیا جائے کہ میں آپ کے سامنے حاضر ہوں۔ تیسری مرتبہ میں تو وہ خط acknowledge ہوا کہ ہاں، آپ نے کوئی خط لکھا ہے۔ اس کے بعد سے ابھی تک موقع نہیں دیا گیا ہے لیکن بنیادی بات یہ ہے کہ ہمیں وہ طریقہ کار نکالنا ہے کہ جس سے ہمارے جمہوری نظام میں establishment کی دخل اندازی ختم ہو اور دوسری بات، شدت پسند گروہوں کی بیخ کنی کی جاسکے۔ بدقسمتی سے مذاکرات کا راستہ ڈھونڈا گیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ ٹھیک ہے، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ مذاکرات سے یہ مسئلہ حل ہو جائے گا تو مذاکرات کر لیں۔ مذاکرات کیے گئے، پتا چلا کہ مذاکرات کے پردے میں یہ گروہ اپنے آپ کو اور منظم اور مسلح کر رہے ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ انتخابات سے مہینوں پہلے ان کے خلاف فوجی کارروائی Establishment نے بند کر دی تھی اور کہا تھا کہ وقت موزوں نہیں ہے اور یہ گروہ پہلے سے مضبوط ہو رہے تھے لیکن اس وقت مذاکرات کی بات کر کے پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ ٹھیک ہے آپ سمجھتے ہیں کہ مذاکرات سے مسئلہ حل ہوتا ہے تو ہو جائے مگر نتیجہ اس کا یہ ہو گیا۔ آج بھی یہ کہا جا رہا ہے کہ فوجی عدالتوں کے ذریعے یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ جناب عالی! سیدھی سی بات ہے ہر ادارے کو اپنا اپنا کام کرنا ہے اور اپنی اپنی ذمہ داری پوری کرنی ہے۔ عدلیہ کو اپنا کام کرنا ہے، پارلیمنٹ کو اپنا کام کرنا ہے، انتظامیہ کو اپنا کام کرنا ہے اور افواج پاکستان کو اپنا کام کرنا ہے۔ اگر ہم ملک کے اندر ایک متوازی عدلیہ بنا رہے ہیں تو اس سے عدلیہ کمزور ہو گی اور اگر عدلیہ کمزور ہو گی تو ملک میں جمہوریت کمزور ہو گی اور اگر جمہوریت کمزور ہو گی تو پھر یہی دہشت گرد گروہ مضبوط ہوں گے اور جمہوریت کو مزید destabilize کریں گے اور غیر مستحکم کریں گے۔ بہر حال ضد کی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ جناب ان کے ذریعے مسئلے کو حل کیا جا سکتا ہے۔ اگر یہاں پر پھانسیاں اور سزائیں دیں گے ان لوگوں کو جو خود ہی مرنے کے لیے آئے ہیں تو یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ ٹھیک ہے ایک اجتماعی دانش ہے جو بھی بات ہے۔ ہم نے بھی کہا کہ ٹھیک ہے اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اس طریقے سے ہو جائے گا یہ بھی کر کے دیکھ لیجیے لیکن ہمیں امید نہیں ہے کہ یہ مسئلے کا حل ہے۔

جناب چیئرمین! صوبائی خود مختاری کو برباد کیا گیا ہے۔ 18 ویں ترمیم کو rollback کیا گیا ہے۔ آج تمام وسائل جو کہ صوبوں کے پاس ہونے چاہیے تھے تمام ذمہ داریاں سوشل سیکٹرز کی اور دوسرے سیکٹرز کی وہ ساری کی ساری مرکز نے خود سنبھال لی ہیں۔یہاں پر Higher Education Commission ہے اور Higher Education Commission تعلیمی نظام کو کنٹرول کر رہا ہے۔ ہم نے صوبہ سندھ کے اندر جو Higher Education Commission بنایا تھا اس کے لیے 5 billion مختص کرنے پڑے ہیں اس لیے کہ Higher Education Commission سے ہماری درسگاہوں کو جو رقم ملتی ہے وہ انتہائی ناکافی ہوتی ہے اور ہمارے ساتھ discriminatory سلوک کیا جاتا ہے یہ اس لیے ہم نے بنایا ہے۔ بہر حال تعلیم کو devolve کیا گیا تھا لیکن ہمارے اداروں کی گردن ابھی تک اسلام آباد کے پنجے میں پھنسی ہوئی ہے۔

جناب عالیٰ! اس طرح صحت کا شعبہ ہے۔ ذمہ داریاں دے دی گئیں۔ ہسپتال دے دیے گئے لیکن ہسپتالوں کی بھاگ دوڑ اپنے ہاتھ میں رکھی گئی ہے اور ان کے جو اخراجات ہیں وہ صوبائی حکومت کو نہیں دیے گئے اور اس طریقے سے صوبائی حکومتیں ابھی تک مرکز کی مرہون منت ہیں اور ہاتھ پھیلائے فیڈریشن کے سامنے کھڑی رہتی ہیں اور وہ جو کرنا چاہتی ہیں وہ نہیں کر سکتیں کیونکہ جمہوریت اور صوبائی خود مختاری کو لپیٹا گیا ہے اس لیے یہاں تک بات آئی ہے کہ مرکز کے اندر ایک کمیشن بنایا گیا ہے جو پرائمری اسکولوں سے لے کر یونیورسٹیوں تک کا curriculum بنائے گا اور صوبے اس curriculum کو follow کریں گے۔ جناب عالیٰ! دوسرے صوبے یہ نہ سمجھیں کہ میں صرف سندھ کی بات کر رہا ہوں لیکن سندھ کے حالات کا میں مشاہدہ کر رہا ہوں اور اس کو دیکھ رہا ہوں اس لیے میں سندھ کی مثال آپ کو دوں گا اور تقریباً یہی حالات دوسرے دو چھوٹے صوبوں کے اندر بھی پائے جاتے ہیں۔ سندھ میں curriculum پانچویں کلاس تک کا بن چکا تھا اور اس وقت پانچویں سے آٹھویں کلاس تک کے curriculum کو صحیح کرنے پر کام ہو رہا تھا کہ یکایک یہ چیزیں سامنے آئیں کہ اب مرکز سے curriculum آئے گا اور ہمیں پتا ہے کہ مرکز سے جو curriculum آئے گا ان جماعتوں کے نظریات ہیں وہ اس کے اندر شامل ہوں گے اور اس سے وہی مذہبی نفرت، انتہا پسندی اور تاریخ کو توڑنا مروڑنا اس قسم کی چیزیں دوبارہ آئیں گی۔ آخر ہمیں کیوں یہ حق نہیں دیا جا رہا ہے کہ ہم اپنے صوبے کے

حالات اور تاریخ کے بارے میں سوچیں اور سمجھیں اور اس حوالے سے ہم باقی صوبوں اور باقی دنیا کی حالات کو بھی سمجھیں۔ جو اقدار ہماری ہیں ہم ان کو follow کریں۔

جناب عالی! جو بہت زیادہ زیادتی ہو رہی ہے وہ انرجی کے اندر ہو رہی ہے۔ اس بجٹ کے اندر آئین کے تقریباً Article 11 ہیں جن کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔ آئین کے آرٹیکل 172 کے تحت صوبوں کو ان تمام reservoirs جو وہاں پر موجود ہیں ان کی 50% ملکیت دی گئی تھی۔ اس پر عمل درآمد نہیں ہو رہا ہے۔ OGDC کے اندر Government shares 74% کے ہیں اور آئین کے تحت اس کا نصف حصہ صوبوں کا ہے اور اس کا نصف حصہ اس تناسب کے اندر تقسیم ہونا چاہیے جس تناسب کے اندر صوبوں کے اندر تیل اور گیس کی پیداوار کی جا رہی ہے۔ سندھ اس سلسلے میں سب سے زیادہ نقصان میں ہے کیونکہ جیسا کہ آپ کو پتا ہے کہ 58% تیل اور 71% گیس سندھ کے اندر پیدا ہو رہی ہے۔ یہ نہیں ہے کہ صوبہ پنجاب کے اندر گیس، تیل یا کوئلے کے reserves نہیں ہیں۔ "ہیں" لیکن شاید انتظار کیا جا رہا ہے کہ باقی صوبوں میں انرجی کے یہ reserves ختم ہو جائیں اس کے بعد ان کو develop کیا جائے۔ Article 172 ہمیں 50% ملکیت دیتا ہے لیکن OGDC اور دوسری ایسی کمپنیاں جس کے اندر حکومت کے shares ہیں جو منافع کما رہی ہیں اس منافعے کا آدھا صوبوں کے اندر اس تناسب کے حساب سے جس تناسب سے صوبوں کے اندر اس کی production ہو رہی ہے تقسیم کیوں نہیں کیا جاتا۔ جناب عالی! OGDC نے اس سال 300 billion سے زیادہ کا منافع کمایا ہے۔ اس 300 billion کے اندر 150 billion صوبوں کا حق بنتا ہے اور صوبوں کے اندر تقسیم ہونا چاہیے۔ اس کی بجائے ایک بڑی شرمناک حرکت یہاں پر کی گئی کہ OGDC کو نجکاری میں دیا جائے اور CCI کی مرضی کے بغیر یہاں پر اعلان کر دیا گیا۔ بات یہی تھی کہ جو خریدنے والے تھے انہوں نے دیکھ لیا کہ یہ آئین کی خلاف ورزی ہے اور کوئی بھی صوبہ اس وقت سپریم کورٹ میں جا سکتا ہے اور اس deal کو ختم کر سکتا ہے۔ اس لیے کوئی بھی سامنے نہیں آیا۔

جناب چیئر مین! میں آپ کی توجہ Article 158 کی طرف دلاؤں گا۔ Article 158 کے تحت جو صوبہ گیس پیدا کر رہا ہے پہلا حق اس گیس پر اس صوبے کا ہے۔ Article 158 کو flout کیا جا رہا ہے اور بعض اوقات یہ بھی کہا گیا کہ جناب جو food security ہے وہ بڑے صوبے کی وجہ سے ہے۔ جی، بالکل شاید ہو سکتا ہے حالانکہ اب یہ بات نہیں ہے ہم گندم برآمد کر رہے ہیں اور میں اس

کے اوپر آؤں گا، گندم کے ساتھ جو کچھ کیا گیا ہے۔ جو آپ کی ضروریات ہیں غذا کی وہ پوری کرنے کے بعد جو کچھ بچتا ہے وہ دوسرے صوبوں کو جاتا ہے۔ اسی طریقے سے Article 158 میں لکھا ہے کہ جو آپ کی ضروریات ہیں ان کو پورا کرنے کے بعد باقی جو گیس بچتی ہے وہ دوسرے صوبوں میں جائے گی۔

جناب عالی! ہمارے power plants بند ہیں، ہماری fertilizer plants بند ہیں اور ہماری انڈسٹریز بند ہیں لیکن یہ کہ ہمارے پاس گیس نہیں ہے ہرچند کہ ہم گیس کے سب سے بڑے producer ہیں بلکہ اگر دیکھا جائے تو تین صوبے اپنی ضروریات سے کہیں زیادہ انرجی produce کر رہے ہیں۔ بجلی، گیس اور تیل تینوں صوبے اپنی ضروریات سے زیادہ produce کر رہے ہیں۔ ہمارا جو انرجی کا profile ہے اور میں کسی ایسی study کی بات نہیں کروں گا جو کہ ہم نے کراچی میں بیٹھ کر کی ہو بلکہ میں Forman Christian College کی جو research group ہے، اب Forman Christian College کو یونیورسٹی کا درجہ دیا گیا ہے، اس کی development کی رپورٹ کے مطابق اس وقت 68% انرجی صوبہ پنجاب کے اندر خرچ ہو رہی ہے اور صوبہ پنجاب 21% انرجی produce کر رہا ہے۔ یہ جو فرق ہے production اور consumption کا میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی اکانومی کے لیے ایک بہت بڑا فرق ہے اور ایک بہت بڑا setback ہے۔ اس وقت 63% گیس اس رپورٹ کے مطابق جو Forman Christian College University کے حقیقت پسند دوستوں نے مرتب کی ہے، اس وقت 63% gas صوبہ پنجاب میں خرچ ہو رہی ہے اور 4% صوبہ پنجاب میں produce ہو رہی ہے۔ یہ بات نہیں ہے کہ صوبہ پنجاب میں gas کے reserves نہیں ہیں، یہ بات نہیں ہے کہ پنجاب میں کوئلے کے reserves نہیں ہیں، میں آپ سے کہنا چاہتا ہوں کہ تھر کے کوئلے سے کئی بہتر کوئلہ جس کی thermal value 50% زیادہ ہے، مکڑوال اور salt range کے اندر پایا جاتا ہے لیکن ضد کی گئی کہ ہم کوئلہ import کرنے کے بعد گڈانی پر ایک power plant بنائیں گے اور اس گڈانی power plant سے بجلی یہاں تک لائیں گے، راستے میں energy کا 35% loss کریں گے۔ جناب والا! آخر ہم مکڑوال کے کوئلے کے reserves کو کیوں نہیں بڑھا سکتے؟ آخر ہم کیوں salt range کے کوئلے پر کام نہیں کر سکتے اور پنجاب کے لیے بجلی ہم پنجاب کے اندر کیوں نہیں پیدا کر سکتے؟ پتا نہیں اس میں کیا حکمت ہے۔

جناب چیئرمین! درآمد شدہ کوئلے کی value 100 US$ per ton آ رہی ہے جبکہ تھر کے کوئلے کی value 35 to 36 US$ per ton آ رہی ہے لیکن 130 Kms Railway line جو اسلام کوٹ کو main line سے ملا دے، جس کے ذریعے تھر کا کوئلہ پاکستان کے ہر power plant تک جا سکے اور export ہو سکے، وہ line نہیں ڈالی جا رہی، نئے locomotives and wagons لی جا رہی ہیں، پٹریوں کو پھر سے بنایا جا رہا ہے، اس لیے کہ ہم جو کوئلہ باہر سے درآمد کر رہے ہیں، وہ کوئلہ power plants کے اندر جائے گا، نہ مکڑوال کے کوئلے کو بڑھایا جائے گا اور نہ تھر کے کوئلے کو استعمال کیا جائے گا۔

جناب چیئرمین! اصل میں energy کا سب سے بڑا مسئلہ یہی ہے کہ ہمیں اپنے مقامی indigenous resources کو develop کرنا ہے اور انہیں استعمال کرنا ہے۔ جناب والا! بڑی بد قسمتی کی بات ہے کہ indigenous resources کو بڑھانے کی بجائے import lobby اپنا کام دکھا رہی ہے اور import کے لیے اتنا بڑا کام کیا جا رہا ہے۔ میں پچھلے ہفتے اسلام کوٹ میں تھا، میں نے دیکھا کہ وہاں کام شروع ہو چکا ہے، ہم پانچ میٹر گہرائی تک جا چکے ہیں اور دس میٹر ہمیں جانا ہے، پھر Chinese mining company آئے گی اور ہم تقریباً سوا سو میٹر تک جا کر کوئلہ نکالنا شروع کر دیں گے لیکن اس کوئلے کو نکال کر آپ مقامی power plants تو چلا سکیں گے اور مقامی power plants کے لیے بھی transmission line نہیں لگائی جا رہی اور اس کوئلے کو جسے ہم باقی ملک میں پہنچا سکتے تھے جس سے ملک فائدہ اٹھا سکتا تھا، اس پر ایک سو تیس کلو میٹر کی چھوٹی سی Railway line نہیں ہے۔ ایک الگ company بنائی گئی جو اسلام آباد سے مظفر آباد تک پہاڑوں کے درمیان ڈیڑھ سو کلو میٹر ریلوے لائن بچھا رہی ہے اور ایک میدانی علاقے کی ریلوے لائن ان کی ترجیح نہیں ہے۔

جناب والا! اس کی وجہ سے بے اطمینانی پھیل رہی ہے، اس کی وجہ سے صوبوں کو ترقی کرنے کا موقع نہیں مل رہا اور سب سے بڑی بات جو کل ہوئی ہے کہ بالکل غیر قانونی طور پر unaccounted for gas (UFG) یعنی جس وقت گیس pipeline کے اندر جاتی ہے تو pipeline میں leakages ہوتی ہیں، ان leakages کی وجہ سے گیس نکل جاتی ہے اور جتنی گیس ہم بھیجتے ہیں اتنی نہیں پہنچتی، pressure بھی اس کی ایک وجہ ہے اور گیس کی چوری بھی ایک

وجہ ہے، OGRA نے UFG allowance %4.5% رکھا تھا کہ اگر آپ نے 100 cubic foot gas بھیجی ہے تو آپ کو 95.5 cubic feet کے پیسے ملیں گے۔ مرکزی حکومت نے بغیر کسی اختیار کے UFG کو 4.5% سے بڑھا کر 9% کر دیا ہے۔ اب اگر سندھ کی گیس 100 cubic feet جائے گی تو اسے 91 cubic feet تسلیم کیا جائے گا اور اس کے پیسے دیے جائیں گے۔ صرف اس کی وجہ سے صوبہ سندھ کو سالانہ ساٹھ ارب روپے کا نقصان ہو گا۔ اس کے بعد مری گیس پر ہمارا ایک پرانا معاہدہ تھا جس میں ایک cost of production دی گئی تھی کہ اتنی cost of production ہو گی جبکہ federation نے صوبہ سندھ سے مشورہ کیے بغیر اس cost of production کو بڑھا دیا اور اب اس کو بڑھانے کی وجہ سے ہمیں پھر Rs. 64 per cubic feet نقصان اٹھانا پڑے گا کیونکہ cost of production بڑھا دی گئی ہے اور یہ نقصان سندھ پر آ رہا ہے۔

جناب چیئرمین! Gas Infrastructure Development Cess کی بات ہوئی۔ سپریم کورٹ نے اس کو غیر آئینی قرار دیا ہے۔ GIDC 70% Sindh contribute کرتا ہے اور اس کو اس لیے بنایا گیا تھا کہ ہماری جو گیس pipelines ہیں، ترکمانستان یا ایران سے جو pipelines آ رہی ہیں، ان کی construction کے لیے یہ levy لگائی گئی تھی۔ اُس وقت بھی ایک سوال اٹھتا تھا کہ آخر وہ صوبے جن کی گیس کی پیداوار ان کی ضرورت سے زیادہ ہے، وہ کیوں اس pipeline کی cost کو اٹھائیں یا اس fund کا ایک حصہ جو price equalization کے لیے تھا کہ ہمارے سندھ کی گیس 4.5 US$ میں خریدی جا رہی تھی جو اب 6 US$ میں خریدی جا رہی ہے، imported gas 13 US$ میں خریدی جاتی تھی اور price equalization میں جو فرق تھا کیونکہ تمام ملک میں ایک ہی دام میں گیس فراہم کرنا تھا، یہ اس Gas Infrastructure Development Cess سے پورا کیا جانا تھا، یعنی ہم پورے ملک کو gas supply کریں اور ہمارے ہی power plants and industries سے 70% tax لیا جائے۔ اس سال بھی 135 billion جمع کیا جا چکا ہے اور pipelines نہیں ڈالی جا رہیں۔ اگر pipelines نہیں ڈالی جا رہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ جہاں سے یہ ٹیکس جمع کیا گیا انہیں یہ ٹیکس

واپس ہونا چاہیے اور 135 billion کا 70% صوبہ سندھ سے آیا ہے، وہ اسے دیا جائے اور باقی صوبوں سے یہ جتنا جمع ہوا ہے، وہ انہیں واپس کیا جائے۔

جناب چیئرمین! ان تمام policies کی وجہ سے فیڈریشن کمزور ہو رہی ہے، صوبوں کے وسائل ختم ہو رہے ہیں، NFC کے اندر جو percentage دی گئی تھی، آپ نے کہا کہ نہیں، اپنے development budget کو کاٹ کر جو بھی cash بچائیں وہ حکومت کو واپس کریں اور وہ اس لیے واپس کریں کہ ہم نے اپنے deficit کو کم کرنا ہے۔ Deficit کو کم کرنے کے لیے SROs ختم نہیں کیے جاتے جن کا بار بار وعدہ ہوتا رہا کہ SROs ختم کیے جائیں گے، بلکہ ابھی تین روز پہلے ایک نیا SRO آیا اور sales tax کو بڑھا دیا گیا۔ ہمیں جو cushion ملا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت وقتی cushion ہے، یہ دیرپا نہیں ہے کیونکہ داعش نے تیل کے کنوؤں پر قبضہ کیا ہوا ہے اور وہ بے تحاشا production کرکے اپنی جنگی کارروائیوں کے لیے funds جمع کر رہے ہیں اور اس excess production کی وجہ سے تیل کی بین الاقوامی قیمتیں گر گئی ہیں۔ یہ صورت حال زیادہ عرصہ نہیں رہے گی لیکن یہ صورت حال ہمیں ایک موقع دے رہی تھی کہ ہم اپنی بجلی کی پیداوار کو بڑھا سکیں، اپنی صنعتی پیداوار کو بڑھا سکیں اور اپنی export کو بڑھا سکیں جبکہ میرے خیال میں ہم یہ موقع ہاتھ سے نکال رہے ہیں۔

جناب والا! میں یاد دلانا چاہوں گا کہ جب ہماری حکومت آئی تھی تو تیل 42 US$ per barrel تھا جو ایک سال کے اندر اندر بڑھ کر 135 to 140 US$ per barrel پر چلا گیا تھا، اس کی وجہ سے ہمارے پیداواری اخراجات بڑھے اور economy کو آگے چلانا دشوار ہو رہا تھا۔ اب یہ الٹی direction میں ہوا ہے کہ تیل کی قیمتیں گری ہیں اور اب economy کو آگے چلایا جا سکتا ہے لیکن ان polices and SROs کی وجہ سے اور FBR ہمارا جو جن، بھوت بیٹھا ہوا ہے اس کی ناکامی کی وجہ سے what a bad governance FBR is doing. Target رکھا جاتا ہے اور اسے achieve نہیں کیا جاتا۔ جب وہ target رکھا جاتا ہے تو پھر صوبے بھی اس target کے حساب سے اندازہ لگا لیتے ہیں کہ ہمیں اتنے پیسے transfer ہوں گے۔

جناب چیئرمین: تاج حیدر صاحب conclude کرلیں پلیز۔

سینیٹر تاج حیدر: جناب عالی! بالکل کرتا ہوں۔ وہ ٹارگٹ پورا نہیں ہوتا، پچھلے سال اس ٹارگٹ سے ہمیں 81 بلین کم ملے۔ اس دفعہ سندھ حکومت نے فیصلہ کیا کہ ہم اپنا development budget کم کر دیں تاکہ کم transfers کی وجہ سے بعد میں جو مسئلہ ہوتا ہے وہ نہ ہو۔

جناب عالی! اللہ کا شکر ہے کہ گندم کی پچھلے موسم میں 25.29million tons پیداوار ہوئی تھی۔ اس وقت سندھ اپنی گندم export کر رہا ہے۔ ہمارے پاس رکھنے کے لیے جگہ نہیں ہے لیکن تمام duties and federal taxes ختم کر کے 0.7 million tons باہر سے گندم درآمد کی گئی ہے اور جب سندھ حکومت نے اس پر احتجاج کیا تو نومبر میں بیس فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی اس پر لگائی دی گئی جب کہ اگست میں یہ گندم درآمد ہو چکی تھی۔ یہ خراب کوالٹی کی گندم ہے اور ہمارے پاس اس وقت گندم رکھنے کے لیے جگہ نہیں ہے۔ آخر کیوں؟ جب کہ ہماری ربیع کی فصل اتنی اچھی ہوئی تھی۔ ہمارے پاس گندم تھی لیکن باہر سے درآمد کی گئی۔ آخر یہ کونسی لابی ہے جو درآمد کر رہی ہے اور ان تمام مسائل پر حکومت سندھ مجبور ہو گئی ہے کہ سپریم کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹائے اور آپ کو پتا ہے کہ جی ڈی آئی سی پر ایک قانون پاس کیا گیا اور سپریم کورٹ نے کہا کہ یہ آئین کے خلاف ہے۔ صدر مملکت نے مناسب سمجھا کہ آرڈیننس کی شکل میں سپریم کورٹ کے فیصلے کو رد کر دے۔

جناب عالی! میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہر اعتبار سے ملک آگے نہیں گیا بلکہ پیچھے گیا ہے۔ جمہوریت کمزور ہوئی ہے اور اگر ہم ملک میں متوازی عدلیہ قائم کریں گے تو جمہوریت مزید کمزور ہو گی۔ جمہوریت کمزور ہو گی اگر ہم کوئی ایسا طریقہ نہیں نکالتے جس سے سیاسی عمل میں اسٹیبلشمنٹ کی دخل اندازی ختم کی جا سکے۔ اگر یہ متشدد گروہ پارٹیوں کو ہراتے اور جتاتے رہیں گے تو جمہوریت کمزور ہو گی۔ اگر اٹھارھویں ترمیم کو رول بیک کیا گیا تو جمہوریت کمزور ہو گی۔ دوسری بات یہ کہ ہماری معیشت کمزور ہو گی اگر صوبوں کو ان کے جائز وسائل نہیں دیے گئے۔ اس طرح انرجی پر جو صوبے زیادہ produce کر رہے ہیں ان کا حق ایک بڑا صوبہ لیتا رہا ہے۔

میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سندھ میں، کراچی میں خاص طور پر گیس لائنوں کے اندر پریشر ہم پندرہ اور تیس پی ایس آئی کے درمیان رکھتے ہیں اور وہ خود بخود demand کے ساتھ regulate ہوتا رہتا ہے جبکہ پنجاب میں PSI 200 رکھا جاتا ہے۔ پنجاب میں گیس کی لیکیج وہاں کی پیداوار سے زیادہ ہے اور پنجاب میں اللہ نے بہت گیس دی ہے۔ میں چاہتا ہوں اور گزارش کرتا ہوں

اور صدر مملکت کو یہ چاہیے تھا کہ وہ کہیں کہ آئین کی دفعات کے تحت اپنے پروگرام مرتب کیے جائیں۔ یہ بات نہیں ہے کہ گیس پائپ لائنوں کو بند کر دیا جائے لیکن کوئی منصوبہ تو ہو کہ ہم اپنی گیس کے losses کم کریں، ہم اپنے گیس fields develop کریں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں معیشت میں اور سیاست میں کافی setback ہوا ہے اور ہمیں اس کا فی الفور جائزہ لینا چاہیے، اقدامات کرنے چاہییں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، قائد حزب اختلاف اور قائد ایوان وقت کے بارے میں آپس میں sense of the House لے لیں کہ ایک ممبر کو کتنا وقت دیا جائے۔ رول یہ کہتے ہیں sense of the House کے مطابق فیصلہ کیا جائے، جو آپ کہیں گے۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: پندرہ منٹ ٹھیک ہیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے ہر رکن کے لیے پندرہ منٹ ہیں۔ جی زاہد خان صاحب۔

**Senator Muhammad Zahid Khan**

سینیٹر محمد زاہد خان: شکریہ، جناب چیئرمین! ہمارے لیے تو پندرہ منٹ بھی زیادہ ہیں لیکن اگر یہ فیصلہ پہلے ہو جاتا تو زیادہ بہتر تھا کیونکہ ہمارے ساتھیوں کو اور ہمیں اکثر یہ شکایت ہوتی ہے کہ جب ہماری باری آتی ہے تو ہمیں یہی کہا جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: میرا خیال تھا ڈپٹی چیئرمین صاحب نے کچھ فیصلہ کیا ہو گا۔

سینیٹر محمد زاہد خان: جناب یہ آپ سے میرا شکوہ نہیں ہے بلکہ قائد حزب اختلاف سے ہے کیونکہ ہماری نمائندگی تو ہمارے قائد حزب اختلاف کر رہے ہوتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی زاہد خان صاحب۔

سینیٹر محمد زاہد خان: شکریہ جی، تاج حیدر صاحب نے تفصیل سے بات کی ہے۔ میں اس میں ایک دو پوائنٹ کا اضافہ کرتا ہوں باقی تو انہوں نے بالکل صحیح کہا تھا۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جب الیکشن ہوا اور موجودہ حکومت اقتدار میں آئی تو ابتدا ہی سے انہوں نے ایسے کام شروع کیے اور انہوں نے جمہوریت کے ساتھ چلنے کی طرف توجہ نہیں دی۔ آپ کو یاد ہو گا کہ شروع کہاں سے ہوا کہ جب صدر کے انتخاب کا وقت آیا اور اس کے لیے ایک تاریخ مقرر کی گئی کہ فلاں تاریخ کو صدارتی انتخاب ہو گا۔ میں اس وقت خود ملک سے باہر تھا اور ہمیں کہا گیا کہ آپ آجائیں۔

ہم نے عدلیہ کی آزادی کے لیے قربانیاں بھی دیں لیکن یہ کیسی آزادی تھی؟ الیکشن کمیشن کا اس میں مداخلت کرنا کام ہی نہیں تھا۔ ان کے پاس الیکشن کو آگے کرنے کے لیے ایک درخواست گئی اور اس نے فوراً کہا نہیں، یہ ٹھیک ہے کیونکہ لوگ عمرے پر جا رہے ہیں اور پھر لوگ نہیں ہوں گے اس لیے الیکشن کو آگے کیا جائے۔ غلطی کی ابتدا اس دن سے ہوئی اور اپوزیشن کے ذہنوں میں اور خاص طور پر ہم جیسے سیاسی ورکروں کے ذہن میں یہ بات آئی کہ کیا ملک میں ایسی جمہوریت چلے گی کہ جس کا جو بھی دل چاہے اور خاص طور اس وقت کے چیف جسٹس صاحب جب چاہیں پارلیمنٹ، حکومت میں یا الیکشن میں مداخلت کریں۔ یہ ناانصافیاں تھیں۔ یہ ناانصافیاں بڑھتے بڑھتے جب آگے گئیں تو یہی ہوا جیسے تاج حیدر صاحب نے کہا کہ جو ہمارے وقت میں وزیر اعظم ہوتے تھے وہ ہر ہفتے سینیٹ میں آجاتے تھے اور اس بات کے موجودہ حزب اقتدار والے گواہ ہیں۔ اس سے ایک اچھا پیغام جا رہا تھا کہ ہم جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں اور جمہوریت آگے بڑھ رہی تھی۔ رویے جمہوری ہوتے جا رہے تھے۔ کوئی بھی مسئلہ ہوتا یعنی سپریم کورٹ کوئی آرڈر کرتی، وزیر اعظم ادھر آتے اور ہاؤس کو اعتماد میں لیتے۔

دوسری بدقسمتی کیا ہوئی کہ ایک معزز وزیر داخلہ سے سوال کیا گیا اور اس سوال کے جواب میں اسے یہ کہا گیا کہ یہ جواب غلط ہے اگر آپ اس کو واپس لے لیں حالانکہ اس سے فیڈریشن کا تعلق بھی نہیں تھا بلکہ وہ تو صوبے نے بھیجا تھا لیکن وہ صوبے کو کیوں بچانا چاہتے تھے، اس کی اسٹیبلشمنٹ کو کیوں بچانا چاہتے تھے کہ غلط جواب پر وہ اس حد تک چلے گئے۔ اس دن سے ہم نے، سینیٹ کی اپوزیشن نے ایک ہفتہ باہر اجلاس کیا اور حکومتی ارکان اندر اجلاس کر رہے تھے۔ اس ملک کی بدقسمتی دیکھئے کہ ہمارے سینیٹ کے لیے ایک وزیر اور دوسرے وزیر دوسرے ہاؤس کے لیے۔ دوسرا وزیر یعنی وزیر مملکت اس لیے رکھا گیا کہ وفاقی وزیر سینیٹ میں نہیں جائے گا بلکہ وزیر مملکت سینیٹ میں جائے گا۔ یہ کیسے رویے تھے، یہ رویے جمہوریت کو کس حد تک لے کر گئے اور ہمیں مجبور کیا گیا کہ صدر جو پاکستان کی فیڈریشن کی علامت ہیں ہم ان کی تقریر نہ سنیں۔ جیسے تاج حیدر صاحب نے کہا کہ بدقسمتی ہے کہ اٹھارھویں ترمیم کے بعد ہماری اپنی حکومت تھی، یہ رضا ربانی صاحب بھی مانتے ہیں ہم بھی مانتے ہیں کہ ہماری اپنی حکومت نے اسٹیبلشمنٹ کے آگے مجبور ہو کر کوشش کی کہ جو اختیارات صوبوں کے پاس گئے ہیں وہ واپس لیے جائیں۔ موجودہ حکومت نے تو اس کی انتہا کر دی کیونکہ اسٹیبلشمنٹ نہیں چاہتی کہ وہ اختیارات جو اسلام آباد میں ہیں وہ پشاور جائیں، وہ کراچی جائیں، وہ کوئٹہ جائیں اور وہ لاہور جائیں۔

آپ کو یاد ہوگا کہ شیخ زید ہسپتال لاہور میں تھااور ہم حکومت میں تھے لیکن ہم اپوزیشن بنچوں سے مل کر حکومت سے لڑرہے تھے کہ جی آپ اس کے اختیارات کیوں نہیں دے رہے۔ موجودہ ہمارے بھائی جو حکومت میں بیٹھے ہوئے ہیں ان کو بھی یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ سچائی کا ساتھ دیں، جمہوریت کا ساتھ دیں تاکہ جو چھوٹے صوبوں میں احساس محرومی تھی وہ کسی حد تک کم ہو جاتی۔ ہم یہ نہیں سمجھتے کہ یہ ہماری احساس محرومیاں ختم ہو چکی ہیں، ہمیں کسی حد تک تسلی ہوئی تھی کہ یہ پہلی بار ہے 18th amendment کے بعد ہم نے اتنی چیزیں حاصل کی ہیں اور انشاء اللہ آہستہ آہستہ صوبے خود مختار ہوں گے۔ جناب والا! دو دن Water and Power Standing Committee کی میٹنگ رہی۔ پاکستان میں نہیں بلکہ دنیا میں ایک فارمولا ہے کہ سب سے سستی بجلی آپ کو Hydel generation دے رہی ہے۔ آپ کو پانی کی ضرورت ہے، آپ کو سیلاب سے بچنے کی ضرورت ہے۔ پچھلی حکومت نے جو پراجیکٹس شروع کئے تھے موجودہ حکومت نے اس کے لیے کوئی فنڈز نہیں رکھے، اس کی مثال میں آپ کو دیتا ہوں۔ منڈا ڈیم جو اس وقت سب سے اہم ہے، اگر آپ منڈا ڈیم بناتے تو آٹھ سو میگاواٹ بجلی ملتی۔ ساڑھے تین لاکھ ایکڑ ممند ایجنسی کی زمین سیراب ہوتی اور 2010 میں جس سیلاب نے تباہی مچائی تھی اس کی اصل وجہ منڈا ڈیم تھا کہ اس کو نہیں بنایا گیا۔ تین لاکھ بچھتر ہزار کیوسک پانی صرف منڈا ڈیم کی جگہ سے گزرا، جب یہ دریائے کابل میں داخل ہوا تو ساڑھے چار لاکھ کیوسک تھا، جب ڈیڑھ لاکھ تربیلا ڈیم کا پانی ملا تو اٹک کے مقام کو cross کرتے ہوئے یہ چھ، ساڑھے چھ لاکھ کیوسک تک پہنچ چکا تھا۔ اس کے بعد جب سندھ پہنچا تو اس نے اتنی زیادہ تباہی مچائی کیونکہ یہ گیارہ لاکھ کیوسک بن گیا تھا۔ پچھلے دنوں ہماری میٹنگ تھی، صوبوں کو جو اختیارات ملے ہیں ابھی بھی ان کو نہیں مانا جاتا۔ ہمارے وقت میں ہم نے چوبیس پراجیکٹس Hydel generation کے شروع کئے تھے جس سے ساڑھے تین ہزار میگاواٹ بجلی بننی تھی، جس میں سے کچھ کا ٹینڈر ہو گیا تھا اور کچھ کا ہونا باقی تھا۔ ہمیں اطلاع ملی کہ ابھی PADO ہے پہلے SADO تھا کہ ان کو PPIP NOC نہیں دے رہا تاکہ وہ کسی کمپنی کے ساتھ agreement کرے اور اس پراجیکٹ پر کام شروع کر دے۔ ہم نے میٹنگ بلائی، PPIP کا ایک نمائندہ آیا اور وہاں بیٹھا، میرے ساتھ نثار خان صاحب بھی بیٹھے تھے اس نے Hydel generation l کا ایسا خوفناک چہرہ پیش کیا کہ ہم تو ڈر گئے تھے، ہم تو کہتے تھے کہ یہ سستی بجلی ہے، انہوں نے کہا نہیں، یہ بجلی تیرہ اور چودہ روپے میں پڑے گی اور بنے گا بھی نہیں، یہ نقصان میں

جائے گا۔ ہم حیران ہو گئے کہ یہ کیا منطق ہے، دنیا ساری کہہ رہی ہے، ہمارے انجینیئرز کہہ رہے ہیں کہ اگر آپ Hydel بجلی پیدا کریں گے تو سب سے سستی بجلی ہو گی۔ میں بڑے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ہماری سٹینڈنگ کمیٹیوں میں فیصلے party basis پر نہیں ہوتے ادھر issues ہوتے ہیں۔ اس issue پر ہم سے زیادہ حکومت کے نمائندے تیز تھے اس ممبر کے خلاف جو انہوں نے ریمارکس دیئے۔ ہم ادھر جب بیٹھے ہوتے ہیں یا اس ہاؤس میں بیٹھے ہوتے ہیں تو پارٹی سے بالاتر ہو کر سوچتے ہیں کیونکہ یہ سینیٹ ہے، یہ فیڈریشن کی علامت ہے اور فیڈریشن کے حقوق کا تحفظ ہمارے ذمے ہے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ حکومتی ممبران ہم سے زیادہ تلخ ہو گئے اس نمائندے کے خلاف، اس کے بعد وہ مجبور ہو گیا کہ میں نے غلطی کی ہے۔ خدارا! ابھی جو دو دن پہلے ہماری میٹنگ ہوئی ہے اس میں بھی کہا گیا ہے کہ منڈا ڈیم کے لیے ایک روپیہ بھی نہیں رکھا گیا۔ اس ڈیم کے لیے جو 2005 کا منصوبہ ہے۔ ہم اس لیے چیختے ہیں کہ جنگلہ بس کے لیے تو آپ چالیس ارب روپے دے سکتے ہیں۔ آپ موٹر ویز کے لیے تو دے سکتے ہیں تو کیا آپ اس ڈیم کے لیے جس سے آپ کو سستی بجلی ملے گی، جس سے آپ کے پاس پانی کا ذخیرہ ہو گا۔ جس سے سیلاب کی روک تھام ہو گی۔ اسکے لیے کچھ بھی نہیں ہے۔ آپ کو یاد ہو گا جب 2010 میں سیلاب آیا تھا تو تیس بلین کا نقصان ہوا تھا۔ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ Water and Power Standing Committee وزیر اعظم کے ذریعے ایک لیٹر منسٹری میں بھیجیں گے اور ان سے request کریں گے کہ جناب اس طرف زیادہ توجہ دیں۔ داسو ڈیم کی بات ہے وہاں بھی ابھی کچھ نہیں ہے، بھاشا ڈیم کا بھی کچھ نہیں ہے۔ چترال میں ایک منصوبہ ہے جس سے 108 میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے پچھلے سات مہینے سے اس پر کام بند ہے۔ ہم چیخ چیخ کر کہہ رہے ہیں کہ بھئی یہ کیوں بند ہے۔ اس کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ نیلم جہلم پراجیکٹ کا سنتے تھے کہ 2016 میں تیار ہو جائے گا میں کہتا ہوں 2018 تک بھی اگر وہ production دے گا تو یہ اس قوم اور ملک کی بڑی خوش قسمتی ہو گی۔ حکومت کیا کر رہی ہے؟

جناب والا! جس طرح تاج حیدر صاحب نے بات کی 2013 میں الیکشن کا اعلان ہوا، جب الیکشن کا اعلان ہوا تو تحریک طالبان کی طرف سے بھی الٹی میٹم آیا اور انہوں نے کہا کہ تین پارٹیوں کو ہم الیکشن نہیں لڑنے دیں گے۔ واقعی ہمارے لیڈر اسفند یار صاحب کہتے ہیں، انہوں نے پریس کانفرنس کی کہ ہم تو یہی سوچتے تھے کہ جو ریفری ہے وہ فخر الدین جی ابراہیم چیف الیکشن کمشنر ہے لیکن ہمیں بعد میں

پتا چلا کہ وہ نہیں حکیم اللہ ہے۔ ہمارے جلسوں پر 31 حملے ہوئے اور ان حملوں میں ہمارے 70 کارکن شہید ہوئے۔ اس الیکشن کی بات کر رہا ہوں، باقی کو چھوڑ دیں، اس پاکستان کے لیے جتنی قربانیاں ANP نے دیں، شاید کسی اور نے نہیں دیں اور نہ آئندہ دے گا۔ جناب والا! ہم نے اس وقت الیکشن کمیشن آف پاکستان کو خط لکھا، چیف الیکشن کمشنر کو اور اس وقت کے نگران وزیر اعظم کو خط لکھا لیکن آج تک اس خط کا جواب ہمارے پاس نہیں آیا۔ خط میں یہ لکھا تھا کہ ہم نے کیا گناہ کیا ہے کہ ہمیں عوام کے پاس جانے سے روکا جا رہا ہے۔ کوئی بھی سیاسی پارٹی جو آج حکومت میں ہے، چاہے صوبوں میں ہے یا مرکز میں ہے کسی نے مذمت نہیں کی کہ ایک ایسی پارٹی کو آپ دیوار سے لگا رہے ہو جس سے آپ کا مقابلہ ہے۔ یہ کیسا مقابلہ تھا کہ ہمارے ہاتھ پاؤں باندھ دیئے گئے تھے اور دوسرے کھلاڑیوں کے لیے میدان کھلا تھا کہ چلو گول کرتے جاؤ۔ الیکشن ہو گیا، ہم نے الیکشن کو اس لیے قبول کیا کہ ہم نے کہا یہ process چلے، جمہوریت چلے، پاکستان کا آئین چلے، پاکستان کی پارلیمنٹ چلے، اس کے باوجود کہ ہمیں تحفظات تھے، ہم نے کہا ہمیں منظور ہے۔

جناب چیئرمین! جب ہم حکومت میں تھے تو کہتے تھے کہ یہ امریکہ کی جنگ لڑ رہے ہیں اس لیے ان کو مارا جا رہا ہے۔ ہم ان کو یہ سمجھاتے رہے تھے کہ ایسا نہیں ہے۔ ان لوگوں کا اپنا ایجنڈا ہے یہ نہ امریکہ کے خلاف ہیں، نہ کسی اور کے خلاف ہیں یہ اپنے ایجنڈے پر چل رہے ہیں لیکن اس بات کو کوئی ماننے کو تیار نہیں تھا۔ ہم نے APC کا اجلاس بلایا لیکن اس میں دو پارٹیاں ایک جماعت اسلامی جو آج بھی ان کے لیے نرم گوشہ رکھتے ہیں اور PTI والے نہیں آئے۔ اب جب موجودہ حکومت آئی تو انہوں نے کہا ہم نے مذاکرات کرنے ہیں، ہم نے، پیپلز پارٹی نے اور ایم کیو ایم نے سب سے پہلے دستخط کئے کیونکہ یہ ایسا نہ کہیں کہ dialogues ہو رہے ہیں، dialogues سے مسئلہ حل ہو گا، دہشت گردی ختم ہو جائے گی یہ سبوتاژ کر رہے ہیں۔ یہ الزام ہم پر نہ لگائیں کہ امریکہ کے لیے سبوتاژ کرنے کی کوشش کرتے ہیں لہٰذا ہم نے پہلے دستخط کئے کہ کر لیں، کیا ہوا، ہر دوسرے دن مولانا صاحبان ٹی وی پر آتے تھے اور کہتے تھے کہ آپ کل خوشخبری سن لیں گے۔ مذاکرات کس سے کر رہے تھے، جب حکیم اللہ مارا گیا تو ایک سیاسی پارٹی کے لیڈر کہتے ہیں وہ شہید ہو گیا۔ دوسرا اس کا پارٹنر اس کے لیے روتا رہا کہ جی تباہی ہو گئی کیونکہ ہمارے مذاکرات ہو رہے تھے، حکیم اللہ کو مار دیا گیا، مذاکرات کو سبوتاژ کر دیا گیا۔ حکیم اللہ کو مارنے کے بعد حالات تھوڑے پر سکون ہوئے۔ ان کا یہ خیال تھا کہ یہ ہماری وجہ سے ہوئے ہیں کیونکہ ہم اقتدار

میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس وقت ان کو بہت بڑا نقصان ہوا تھا، نہ صرف حکیم اللہ مارا گیا تھا بلکہ اس کے ساتھ جو اہم لوگ تھے جو وزیرستان سے TTP کو کنٹرول کرتے تھے اور ہر جگہ پر جو حملے ہوتے رہے وہ وہاں سے ہوتے تھے۔ اس کا ہیڈ کوارٹر کمزور ہو گیا اور ملک میں تھوڑا سکون آ گیا۔ اس میں PTI والے اپنے دعوے کر رہے تھے، اور لوگ اپنے دعوے کر رہے تھے، کہ یہ ہماری وجہ سے ہوا۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم خوش فہمی میں مبتلا ہو گئے اور ہم یہ کہتے رہے کہ ایسا نہیں ہو گا ہم پوچھتے ہیں کہ جب آپ نے ہمیں dialogue کا کہا تھا، وہ تو ہم نے کیے لیکن اس کا نتیجہ کیا نکلا؟ پشاور میں چرچ کا واقعہ ہوا۔ وہاں پر کون سی جگہ بچی ہے جس پر attacks نہ ہوئے ہوں۔ آخر میں یہ جو بچوں کا واقعہ ہوا ہے وہ تو اتنا دردناک اور اتنا خوفناک ہے کہ اس کے بعد بھی ہماری آنکھیں نہیں کھل رہی ہیں اور کل بھی میں ایک مذہبی پارٹی کے رکن کو سن رہا تھا اور وہ پھر ایک جواز پیدا کر رہا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ افغانستان میں Indian Consulate ہے۔ وہاں تو پاکستان کا بھی Consulate ہے۔ کہتے ہیں کہ جب راحیل شریف صاحب وہاں گئے تھے تو وہ اپنے ساتھ خراسانی کی تصویر لے کر گئے تھے اور بتایا تھا کہ یہ انڈین ایمبیسی کے اندر گیا ہے اور ان سے ملاقات کی ہے۔ بھئی خراسانی تو آپ کا نمائندہ ہے، آپ کا بندہ ہے، وہ ہندو تو نہیں ہے، وہ عیسائی تو نہیں ہے، پھر آپ جواز کیوں پیدا کر رہے ہیں۔ کیا آپ یہ جواز پیدا کر رہے ہیں کہ آپ کے لوگ بکتے ہیں اور جو آپ نے ملک میں اتنے لشکر پیدا کیے ہوئے ہیں، ان کو بنانے والے ہم ہیں۔ وہ علماء ٹھیک کہتے ہیں کہ کیا 1980 سے پہلے اس ملک میں مدرسے نہیں تھے؟ کیا کسی نے سنا تھا کہ کسی مدرسے میں دہشت گردی کا سبق پڑھایا جاتا ہے یا ان کو دہشت گردی سکھائی جاتی ہے؟ جب ضیاء الحق نے دیکھا کہ جہادیوں سے وہ افغانستان کی جنگ نہیں جیت سکتا تو اس نے کہا کہ مدرسے ہمارے حوالے کر دو اور انہوں نے کیے اور آج جو ہم کہتے ہیں کہ یہ دہشت گرد ہیں تو ان کو پیدا کرنے والے بھی ہم ہیں۔ ہمیں پتا ہے کہ وہ کہاں کہاں ہیں۔ اگر ہم آنکھیں بند کرتے ہیں یا شتر مرغ کی طرح ریت کے اندر اپنا منہ کر دیتے ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ جی کوئی چیز نظر نہیں آ رہی ہے تو یہ الگ بات ہو گی۔ ہمارے ہر ادارے کو معلوم ہے کہ یہ کون لوگ ہیں؟ یہ لوگ کہاں رہتے ہیں؟ کس کی ملیشیا ہے اور کس کا نہیں ہے۔

میں رضا ربانی صاحب سے بالکل متفق ہوں کہ اگر آپ نے فوجی عدالتیں بنا دیں تو اس سے کیا فرق پڑ جائے گا۔ اس سے آپ دس یا بیس لوگوں کو پھانسی پر چڑھا دیں گے تو دس، بیس لوگ اور آ

جائیں گے۔ آپ نے اس mindset کو ختم کرنا ہے جس کے لیے آپ نے تیس سال اس ملک کے اندر ایک بیج بویا ہے، اگر اس چیز پر نہیں جائیں گے، اگر آپ اس کی جڑ کو کھوکھلا نہیں کریں گے تو پھر نہ تو ملٹری کورٹس سے مسئلہ حل ہوگا اور نہ کسی آپریشن سے مسئلہ حل ہوگا۔

اب میں آخری بات کرنا چاہتا ہوں کہ افغانستان میں امن ہمارے لیے اہمیت رکھتا ہے کیونکہ تاریخ گواہ ہے کہ جب کابل میں کوئی بات ہوتی ہے تو ہندوستان میں بھی ہل چل ہوتی ہے۔ ہم نے ان سے بھی کہا ہے کہ اگر آپ یہ سوچتے ہیں کہ یہ لڑائی پاکستان اور افغانستان میں ہی رہے گی اور انڈیا میں نہیں آئے گی تو یہ ان کی غلط فہمی ہے۔ ہمارے قائدین یہاں کہتے رہے کہ جی افغانستان میں آگ نہ لگاؤ، باچا خان بابا ولی خان بابا نے کہہ دیا تھا کہ ہم بھی اس میں جل جائیں گے لیکن کسی نے ان کی بات نہیں مانی۔ اب دس سال کے بعد ساری بات مانی۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ ہماری جنگ ہے جبکہ یہ نہیں مان رہے تھے لیکن آج عمران خان بھی کہتے ہیں کہ یہ جنگ ہماری جنگ ہے، جماعت اسلامی بھی کہتی ہے کہ یہ ہماری جنگ ہے۔ جناب والا! آپ پہلے اس چیز کو کیوں نہیں مانتے۔ جب تباہی مچ جاتی ہے تو پھر آپ اس چیز کو قبول کرتے ہیں۔ قوم سے تو معافی مانگو کہ تم لوگوں کی پالیسی غلط تھی، تم لوگ قوم سے جھوٹ بول رہے تھے۔ آج ہم جس دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں، آج ہم جس مصیبت کا سامنا کر رہے ہیں، یہ ضیاء الحق اور پرویز مشرف جیسے dictators کی وجہ سے ہے۔ کوئی بھی political leadership نہ یہ afford کر سکتی ہے اور نہ ہی وہ کر سکتے ہیں۔ لہٰذا اس کے ذمہ دار ضیاء الحق اور پرویز مشرف ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ خالدہ پروین صاحبہ۔

**Senator Kahlida Parveen**

سینیٹر خالدہ پروین: شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب چیئرمین! آج ہمارے سامنے صدر مملکت کا مشترکہ اجلاس سے خطاب ہے لیکن میں اس سے پہلے قوم کو درپیش کچھ دیگر اہم معاملات پر بات کرنا چاہتی ہوں۔ جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ اور اس ایوان کی توجہ سینیٹ آف پاکستان میں ہونے والی کارروائی کی طرف مبذول کروانا چاہتی ہوں۔ جناب چیئرمین! حکومت نے اس ایوان کو کبھی سنجیدہ نہیں لیا۔ وزراء کا جب موڈ ہوتا ہے تو وہ یہاں پر تشریف لاتے ہیں اور جب موڈ نہیں ہوتا تو وہ نہیں آتے۔ جناب چیئرمین! وزیراعظم شاذ و نادر ہی کبھی یہاں پر تشریف لاتے ہیں اور وزیر داخلہ، وزیر

خارجہ تو ہیں ہی نہیں، وزیر دفاع اور وزیر خزانہ بھی اس ایوان میں نہیں آتے۔ مطلب یہ ہے کہ کسی نے بھی اس ایوان کو ایوان بالا سمجھا ہی نہیں اور اس کو serious نہیں لیا۔ جناب چیئر مین! اس سے پہلے میں 2002 سے لے کر 2007 تک قومی اسمبلی کی بھی رکن رہ چکی ہوں۔ مجھے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ پارلیمان کی کارروائی اور اس پر اٹھنے والے قومی اخراجات اور اس کی جانب سے قوم کو فراہم کیے جانے والے فوائد کی تفصیل پریشان کن ہے۔

جناب چیئر مین! کوئی بھی دن ایسا نہیں ہوا جس دن متعلقہ وزراء غیر حاضر نہ رہے ہوں۔ کوئی بھی دن ایسا نہیں ہوا جب غلط جوابات نہ دیے گئے ہوں۔ کوئی بھی دن ایسا نہیں گزرا جب پوچھے گئے سوالات کے جوابات دینے سے گریز کیا گیا ہو۔ جناب چیئر مین! اس تناظر میں پارلیمان کی کارکردگی ایک سوالیہ نشان ہے۔ اگر ہم نے قوم اور ملک کو درپیش مسائل کی جانب اپنی توجہ مبذول نہ کی اور حالات کو ایسے ہی جانے دیا جس طرح یہ اس وقت موجود ہیں تو اس کے نتائج انتہائی ہولناک نکلیں گے۔

جناب عالی! اس وقت ہمارا ملک جس عدم استحکام اور انتشار کا شکار ہے اس کی بنیادی وجہ ملک میں وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم اور دولت کا ارتکاز ہے۔ کچھ افراد اور کچھ گروہ اس قدر امیر ہو چکے ہیں کہ اب ان کا شمار ایشیا کے امیر ترین افراد میں ہونے لگا ہے۔ دوسری جانب ملک کے چالیس فیصد سے زیادہ لوگ غربت کی سطح کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ جناب چیئر مین! کچھ امراء کے بچے اور ان کے عزیز واقارب بڑے بڑے ہوٹلوں میں ایک وقت کے کھانے پر ہزاروں روپے خرچ کر دیتے ہیں اور کچھ کو دو وقت کی روٹی ملنا بھی میسر نہیں۔ افراط وتفریط کا یہ عالم ہمارے لیے پریشان کن ہی نہیں بلکہ کسی آنے والے کٹھن اور المناک حادثے کا بھی منتظر ہے۔

میں نے متعدد بار ملک میں وسائل کی مساوی تقسیم اور اختیار کی نچلی سطح پر منتقلی کے بارے میں سوالات اٹھائے اور ان کے ہمیشہ جوابات غلط فراہم کیے گئے۔ میں نے پوچھا کہ جو وسائل مرکز سے صوبوں کو منتقل ہوتے ہیں اور یہ جس فارمولے کے تحت ہوتے ہیں کیا یہ اسی تناسب سے اضلاع کو بھی منتقل کیے جاتے ہیں؟ تو مجھے وزیر خزانہ صاحب نے جواب دیا کہ یہ ایک صوبائی معاملہ ہے، جس کے بارے میں وفاقی حکومت کچھ نہیں کہہ سکتی۔ اگر یہ صوبائی معاملہ ہے تو پھر قومی اقتصادی کونسل کس لیے قائم کی گئی ہے؟ دستور پاکستان 1973 میں وسائل کی نچلی سطح پر منتقلی کے بارے میں دفعات اور ریاستی پالیسی کیوں وضع کی گئی؟ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ پچھلے کئی عشروں سے دستور پاکستان عملی طور پر

معطل ہے۔ ملکی وسائل پر محدود طبقات کا قبضہ ہے، ملک میں محرومی اور غربت جان بوجھ کر پھیلائی جا رہی ہے۔ ہر سال دیہی علاقوں سے سو سو ارب روپے شہری علاقوں کو منتقل کیے جاتے ہیں۔ ذخیرہ اندوزی، ملاوٹ اور مہنگائی نے عام شہری کی زندگی اجیرن کر رکھی ہے۔ ہمارا آج کا تعلیم یافتہ نوجوان انتہائی مایوسی کا شکار ہو چکا ہے۔ اس کو اس ظالمانہ نظام سے نفرت سی ہونے لگی ہے اور یاد رکھیں جب دیہی نسل بے روزگار اور متنفر ہوتی ہے تو پھر حالات مشرقی پاکستان جیسے ہوتے ہیں۔ ہم نے تاریخ سے کوئی سبق نہیں سیکھا۔ ہم بار بار تاریخ کو دہراتے رہے۔ جس کا انجام اب کبھی قومی اور کبھی انفرادی المیوں کی صورت میں ہمارے سامنے آتا رہا۔

جناب چیئرمین! اسی تناظر میں جس خطے سے میرا تعلق ہے وہ جنوبی پنجاب ہے جہاں پر ستر فیصد سے زائد لوگ محرمیوں کی زنجیروں سے جکڑے ہوئے ہیں۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے مل کر ان کے وسائل پر قبضہ کیا ہوا ہے۔ جناب چیئرمین! مظفر گڑھ کے لیے مختص فنڈ پنجاب کے دیگر اضلاع میں خرچ ہوتے ہیں۔ جن کے طاقتور افراد وفاقی اور صوبائی کابینہ میں موجود ہیں۔ میرے علاقے کا نوجوان اعلیٰ تعلیمی اسناد رکھنے کے باوجود بے روزگار ہے۔ ہم بجلی پیدا کرتے ہیں اور صوبے کے اندر مرکزی پنجاب کے لوگ اس کو صنعتی یونٹوں میں استعمال کرتے ہیں۔ ان کے مقدر میں خوشحالی آتی ہے اور ہمارے مقدر میں صنعتی یونٹوں اور بجلی گھروں کا دھواں۔ اس وقت مظفر گڑھ ایک صنعتی ضلع بن چکا ہے لیکن وہاں کا عام انسان انتہائی پسماندہ ہے۔ جس کے نصیب میں انتظامی بے انصافی، عدالتی بے رحمی لکھ دی گئی ہے۔ آج پنجاب کی تقسیم کے بارے میں آوازیں اٹھ رہی ہیں۔ گذشتہ دور میں پنجاب اسمبلی اور پارلیمنٹ نے جنوبی پنجاب کے صوبے کے قیام کے بارے میں قرادادیں منظور کی تھیں۔ جب ان پر عمل درآمد کا وقت آیا تو پارلیمنٹ نئے انتخابات کے لیے توڑ دی گئی۔ ہم نے انتخابات میں اس کو سیاسی موضوع بنانے سے گریز کیا۔ جس کی ہمیں کڑی سزا ملی لیکن آج جنوبی پنجاب کے صوبے کا علیحدہ قیام ایک حقیقت بن چکا ہے۔

جناب چیئرمین! بدنصیبی یہ دیکھیں کہ پورے ملک کے 38% لوگوں کے لیے تین گورنر، تین وزرائے اعلیٰ اور تین صوبے ہیں جبکہ بقیہ 62% لوگوں کے لیے ایک ہی گورنر اور ایک ہی وزیر اعلیٰ اور ایک ہی صدر مقام ہے۔ لندن میں وزیر اعلیٰ پنجاب نے ایک موقع پر کہا تھا کہ صوبوں کے قیام پر قومی کمیشن تشکیل دیا جائے۔ میں ان سے یہ سوال کرتی ہوں کہ جنوبی پنجاب کے قیام پر جو کمیشن پہلے بنایا گیا

اور جو قرار دادیں پیش کی گئیں اور جو جناب فرحت اللہ بابر صاحب نے بل پیش کیا، کیااس کی موجودگی میں کوئی اور کمیشن بنانے کی ضرورت ہے۔ جناب چیئر مین! یہ صرف اس موضوع پر سے توجہ ہٹانے کی ایک نئی کوشش ہے۔ میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ جنوبی پنجاب کے بارے میں پارلیمنٹ میں تمام جماعتیں مل بیٹھ کر غور کریں۔ اس سے پہلے بھی پارلیمنٹ میں اس پر جو پیش رفت کی گئی اس پر فوری طور عمل کریں۔ ایک طرف بلدیاتی انتخابات نہیں ہونے دیے جارہے تو دوسری جانب جنوبی پنجاب کے صوبے کے قیام کی راہ میں رکاوٹیں ڈالی جارہی ہیں۔ شاید ہی کوئی ایسا Electronic Media ہو جس میں نئے صوبوں کے قیام کے بارے میں بات نہ ہوئی ہو لیکن ہماری پارلیمنٹ اس پر خاموش اور غیر فعال ہے۔ آخر میں جناب میری آپ سے التماس ہے کہ اگر ہم نے اپنی کارروائی کو بہتر نہ بنایا، اگر ہم قومی المیوں کو پس پشت ڈالتے رہے، اگر ہم نے اپنے فرائض کی ادائیگی میں کوتاہیوں سے کام لیا اور اگر ہم نے دولت کے ارتکاز اور وسائل کی غیر مساویانہ تقسیم سے چشم پوشی کی اور اختیارات کو نچلی سطح تک لے جانے سے گریز کیا تو ہمارا انجام اچھا نہیں ہوگا۔ ہمیں اپنی روش، اپنی سوچ بدلنی ہوگی۔ جناب چیئر مین! بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئر مین: ڈاکٹر سعیدہ اقبال صاحبہ۔

**Senator Dr. Saeeda Iqbal**

سینیٹر ڈاکٹر سعیدہ اقبال: شکریہ۔ جناب چیئر مین! یہاں پر زیادہ گفتگو تو ہو چکی ہے سندھ کے حوالے سے، جنوبی پنجاب کے حوالے سے بھی بات ہوئی۔ زاہد خان صاحب نے بھی بات کی۔ میرا اور آپ کا تعلق Islamabad Capital Territory سے ہے اور اس کو پوری طرح نظر انداز کیا جاتا ہے پارلیمنٹ اور ہر معاملے میں، کبھی یہ پنجاب کا حصہ بن جاتا ہے اور کبھی یہ independent ہو جاتا ہے، کبھی یہ بالکل ہی نظروں سے غائب ہو جاتا ہے۔ یہاں پر جو مسائل ہیں وہ اس لیے زیادہ ہیں کہ ہر صوبے سے لوگ یہاں پر آتے ہیں مگر ہم کسی صوبے میں اپنا کام لے کر نہیں جا سکتے۔ ہمارے لوگوں کو ملازمتیں نہیں ملتیں۔ اس سلسلے میں بہت سی باتیں کی جا سکتیں ہیں، power and energy کے لحاظ سے، مگر میں education and health کے بارے میں بات کروں گی کہ میں کسی ایک حکومت کی بات نہیں کرتی۔ اٹھارھویں ترمیم کے تحت جب صوبوں کو خود مختاری دی گئی اور یہ بڑا ایک معمولی سا حصہ تھا اس خود مختاری کا جس کا کہ آئین ضامن ہے۔ آئین کے مطابق جو خود

مختاری دی جانی چاہیے وہ اس سے کہیں زیادہ ہے۔ صوبوں نے یہ سمجھا چلو ایک آس تو ہو گئی۔ اب پچھلے دور میں جو چیزیں ان کو دی جا رہی تھیں ۔ کچھ چیزیں تو وزارتوں کے حساب سے Health Ministry, Education Ministry, Climate Change Ministry اس دور میں بھی قائم ہوئیں جس پر کہ صوبوں کو اعتراض تھا مگر کم از کم جو ان کی پیداوار پر royalty کا پچاس فیصد اور ان کو یہ کہ پہلے جو ان کی پیداوار ہے وہ اس کو استعمال کریں کم از کم وہ دیا جا رہا تھا۔ مگر اسلام آباد میں جو سکولوں ، کالجوں اور یونیورسٹیوں کا حال ہوا اس کا کوئی والی وارث نہیں ہے ۔ ایک Ministry of CADD بنی۔ پھر اس کو توڑا گیا اور پھر دوبارہ بنایا گیا۔ اس کے تحت ہمارے ہسپتال ، ہمارے سکول اور کالج ہیں۔ مگر پھر education کی جو ministry ہے جس کا ایک بہت لمبا چوڑا نام ہے۔ جو ادارہ ان سکولوں، کالجوں کا امتحان لیتا ہے ، intermediate, bachelors and masters کا۔ ہمارے کالجوں میں masters بھی ہیں صرف universities میں نہیں ہیں۔ وہ ایک اور ministry کے تحت آتے ہیں۔ ہمارے ساتھ مشکلات یہ پیش آتی ہیں کہ ہم اس کو کس کمیٹی میں لے جائیں اور کس کمیٹی میں بات کریں۔ اب ہمارے جو hospitals کے مسائل ہیں وہ Cabinet Committee کے under ہیں مگر Cabinet میں ہم ہسپتال والوں کو بلاتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ Health کی Minister *Sahiba* نے بہت سے کام کر لیے ہیں یا بہت سے کام ان کے ہاں سے ہونے ہیں۔ اسی طرح فیڈرل بورڈ کتابیں دیتا ہے۔ کتابوں کو پڑھانا ہوتا ہے ان schools میں جو CADD کے under ہیں اور فیڈرل بورڈ Education کی Ministry کے under ہے۔ ان کتابوں میں بیالوجی جیسی جو کتاب ہے وہ ناقص ہے۔ اس کے experts کہتے ہیں کہ اس میں بہت سی غلطیاں ہیں چلو دوسری کتابوں میں تو آپ کہہ دیں کہ اردو کی کتاب ہے یہ انگریزی کی کتاب ہے یا اسلامیات یا پاکستان سٹڈیز کی تو وہ کسی مقصد کے لیے کسی حکومت یا کسی ادارے نے کی ہیں حالانکہ وہ بھی نہیں کرنی چاہییں۔ یہ اس لیے کہ text book boards and curriculum wing کی بجائے National Book Foundation کو دیا گیا ہے جو کہ اس مقصد کے لیے نہیں بنایا گیا وہ کتابیں چھاپنے کے لیے بنایا گیا۔ پھر curriculum جب صوبوں کو دیا گیا تو صوبوں کو یہ کہا گیا کہ 30% وہ اپنے علاقے کے بارے میں اس میں ڈال سکتے ہیں۔ ICT کو تو اس سے بھی محروم رکھا گیا۔

ہمارے جو ہسپتال ہیں ان میں waste management نہیں ہے۔ ہمارے دور میں ایک اچھی پیش رفت ہوئی کہ ایک Prime Minister Medical Complex بنا اس کے ساتھ ایک hospital بھی بنا اور ایک Medical and Dental College بنا۔ اس medical and dental college کو صرف اس وجہ سے کہ وہ اس دور میں بنا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ وہاں کے employees کو مستقل نہیں کیا جا رہا، وہاں پر داخلے بند کر دیے گئے اور یہ سب PMDC نے کیا ہے۔ اب PMDC ہے Cabinet Committee کو اور Cabinet Committee کے پاس 120 کے قریب ادارے ہیں۔ اس کے باوجود جلدی جلدی meetings کر کے Chairperson *Sahiba* اس کو دیکھتی ہیں مگر اس کا کوئی حل نہیں ہے۔ کیونکہ PMDC کا جو رجسٹرار ہے وہ اپنے آپ کو responsible سمجھتا ہے صرف Health کی Minister *sahiba* کے سامنے۔ اس سے جب Cabinet سوال کرتی ہے وہ اس کو جواب نہیں دیتے اس لیے ہسپتالوں کا برا حال ہو رہا ہے۔ PIMs میں یونیورسٹی قائم کی گئی۔ نہ اس یونیورسٹی کو آگے بڑھنے دیا جاتا ہے اور نہ ہسپتال کو آگے بڑھنے دیا جاتا ہے اور نہ ہی ان کو funds دیے جا رہے ہیں۔ ہم Private Hospitals میں جانے پر مجبور ہیں۔ یہ حال ہے ہمارے اسلام آباد کے لوگوں کا۔

ہم اپنے تاجروں کے پاس جاتے ہیں کوئی چیز خریدنے تو وہ کہتے ہیں کہ میٹرو کی وجہ سے ایک سال سے ہمارا برا حال ہے۔ ہم ہسپتالوں میں جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں ہمیں funds نہیں ملتے funds تو صوبوں میں چلے گئے ہیں۔ اسلام آباد کا کیا ہو گا۔ علاج کے لیے سب لوگ سارے صوبوں سے یہاں آتے ہیں، تعلیم کے لیے سارے صوبوں سے یہاں آتے ہیں most welcome مگر اسلام آباد کے لیے جو ministry بنائی گئی اس کو اختیارات کیوں نہیں دیے گئے۔ پھر federation کے اندر ایک inter-provincial coordination کی Ministry بنائی گئی، اس کو departments دیئے گئے اور آہستہ آہستہ ان سے وہ departments دوسری ministries میں جا رہے ہیں۔ ان کے پاس صرف games رہ گئی ہیں اور games کے بارے میں بھی ان کے سیکریٹری صاحب نے جواب دے دیا ہے کہ میں کچھ بھی نہیں کر سکتا۔ ان کے Inter-Provincial Coordination minister *sahib*

کے Minister Sahib اپنی meeting میں بول پڑے کہ نہ ہمارا آفس ہے اور نہ ہی ہمارے پاس funds ہیں اور نہ ہی ہم کچھ کر سکتے ہیں، بہتر ہے کہ کسی اور کو لگایا جائے۔ Article 25A جو اسلام آباد کے لیے پچھلے دور میں منظور کیا گیا تھا اس پر عمل نہیں ہو رہا، سکول والے بچوں سے پیسے لیے جا رہے ہیں۔ دوسرے جو ہسپتال ہیں وہ علاج معالجے میں کسی کی بھی مدد نہیں کر رہے ہیں۔ بیت المال اور زکوٰۃ و عشر سے اسلام آباد کے شہریوں کو کچھ نہیں مل رہا۔ میں یہ سوال کرتی ہوں کہ ICT کس وزارت کی ذمہ داری ہے اور اس کو کون دیکھے گا۔ CADD کی وزارت بنائی گئی ہے تو اس کو کم از کم اختیارات تو دیں۔ Inter-provincial coordination کی وزارت کا مقصد کیا ہے اس کو کچھ بھی نہیں کرنے دیا جا رہا۔ Cabinet Committee کے تحت کام ہو رہا ہے مگر اس میں بھی hurdles ڈالی جا رہی ہیں۔ PMDC, Health, Education Ministries hurdles ڈال رہی ہیں۔ حال ہی میں آپ نے دیکھا ہو گا کہ قائداعظم یونیورسٹی کے ساتھ ہمارے دور میں کالجز کو affiliate کیا گیا۔ قائداعظم یونیورسٹی کا رزلٹ آیا تو وہ اتنا غلط ہے کہ طالبعلم نے جو مضمون نہیں رکھے تھے ان میں ان کو نمبرز دیے گئے ہیں اور جو ان کے اپنے مضامین تھے وہ غائب ہیں۔ اس کے بارے میں، میں نے وزیر صاحب سے گزارش کی اور میں نے ان سے بات بھی کی کہ یہ ہوا ہے۔ پہلے تو یہ کہ وزیر صاحب کے علم میں کیوں نہیں لایا گیا۔ زاہد خان صاحب نے جو پہلے موقع کا ذکر کیا جو وزیر داخلہ کے ساتھ ہوا یہ تمام وزیروں کے ساتھ اس لیے ہو رہا ہے کہ یہ اپنے ادارے کے بیوروکریٹس کو کنٹرول نہیں کر رہے۔ وہ کسی اور کے کنٹرول میں ہیں ان کو ریموٹ کنٹرول سے چلایا جا رہا ہے۔ بیوروکریسی بالکل politicize ہو گئی ہے۔

جناب چیئرمین! میں نے کل بلیغ الرحمٰن صاحب سے بات کی تو وہ مجھے نئے وائس چانسلر کے بارے میں بتانے لگے کہ ان کے پاس اتنی ڈگریاں ہیں، انہوں نے west میں اتنا پڑھایا ہے وہ آئیں گے تو سب درست ہو جائے گا تو میں نے کہا کہ یہ ان کا کام تو نہیں ہے، جن کا ابھی ہے کنٹرولر وغیرہ ان لوگوں کو بلا کر آپ اس چیز کا پتا کریں تو کہنے لگے کہ ان کے teaching problems ہیں اس کو درگزر کریں۔ اب میں CADD کے وزیر سے سوال کروں کہ یہ کالجز ان کے تحت ہیں جن کا بی اے کا رزلٹ آیا ہے یا میں بلیغ الرحمٰن صاحب سے بات کروں میری سمجھ میں یہ نہیں آتا۔ وزیراعظم صاحب یہاں آتے ہیں تو قصداً، ارادتاً ان کے وزیر، مشیر جیسے کل بات ہوئی۔۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان ظہر کی آواز سنائی دی)

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحبہ! آپ conclude کر لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر سعیدہ اقبال: وزیراعظم صاحب کو ان کے وزیر اور مشیر اس وقت یہاں لائے جب مغرب کی اذان ہونے والی تھی۔ انہوں نے بحث کو تو سمیٹا مگر وہ ہمارے بھی وزیراعظم ہیں، پارلیمانی لیڈر ان سے مل لیتے، ہمارے پارلیمانی لیڈر نے بہت اچھی بات کی اور وزیراعظم صاحب نے ان کا جواب بھی دیا۔ ہم وزیراعظم صاحب کے مشکور ہیں مگر سینیٹ کے پارلیمانی لیڈر کے علاوہ جو باقی سینیٹرز ہیں کیا وہ یہ حق نہیں رکھتے کہ وہ پاکستان کے وزیراعظم سے کوئی بات کر سکیں۔ یوسف رضا گیلانی صاحب جب وزیراعظم تھے تو ایک قطار لگی ہوئی ہوتی تھی اور اس میں مسلم لیگ (ن)، مسلم لیگ (ق) اور جمعیت العلماء اسلام اور دوسری جماعتوں کے لوگ ہماری نسبت زیادہ ہوتے تھے اب تو یہ لگتا ہی نہیں ہے کہ یہ ہمارے وزیراعظم ہیں حالانکہ ہم دل سے ان کو اپنا وزیراعظم مانتے ہیں۔ نہ وزیراعظم تک ہماری پہنچ ہے اور نہ ان کے سیکرٹریز ہماری کمیٹیوں میں اس وقت آتے ہیں جب وہ ان کے وزیروں سے فارغ ہوں۔ ایسا لگتا ہے کہ وہ اس وزارت کے سیکرٹری نہیں ہیں بلکہ وزیر صاحب کے ذاتی سیکرٹری ہیں۔ ہم لوگوں کو کمیٹیوں میں بھی دشواریاں پیش آ رہی ہیں اور لگتا ہے کہ ایوان میں بھی ایسا ہی ہو رہا ہے and particularly being a representative of Islamabad Capital Territory مجھے تو اتنا دکھ ہوتا ہے کہ جب میٹرو کے حوالے سے RDA والوں کو میڈم نے ایک میٹنگ میں بلایا تو اس نے کہا کہ آئین ہمیں اجازت دیتا ہے کہ صوبے وفاق کے علاقے میں کام کریں۔ اگر آئین اجازت دیتا ہے تو پھر کل خیبر پختونخوا والے بھی وہاں سے آ جائیں گے اور آپ کے علاقے میں دخل اندازی کریں گے۔ آئین کا کوئی آرٹیکل ایسا نہیں ہے جو ان کو یہ اجازت دیتا ہو مگر ان کو اجازت دی گئی ہے، چلو دی گئی ہے تو اس کو مکمل تو کریں۔ اسلام آباد ائیرپورٹ کا کام دیکھیں وہ کس حالت میں ہے، سی ڈی اے کو دیکھیں وہ کس حال میں ہے مگر کم از کم چیئرمین صاحب! آپ اپنے good offices use کر کے سکولوں اور کالجز کے مسئلوں کو streamline کر لیں۔ آپ نے ICT کی پہلے بھی بڑی خدمت کی ہے تو اس کو بھی اپنے دور میں کر جائیں۔ شکریہ۔

**Mr. Chairman**: Thank you. Further discussion on President’s address will be taken up tomorrow. Now we move on to Calling Attention. There is a Calling Attention

Notice at serial No.5 in the name of Senator Mian Raza Rabbani, Kamil Ali Agha, Muhammd Zahid Khan, Saeed-ul-Hassan Mandokhel and Mrs. Kalsoom Perveen. Please proceed. Mian Sahib you have to proceed. First you read out the Calling Attention Notice.

## Calling Attention Notice Re: Imposition of 5% Additional GST by the Government through FBR on Petroleum Products in the name of Senator Mian Raza RAbbani, Kamil Ali Aga, Muhammad Zahid Khan, Saeedul Hassan Mandokhail and Kalsoon Parveen

**Senator Mian Raza Rabbani**: Sir, I beg to draw the attention of the Minister for Finance, Revenue, Economic Affairs, Statistics and Privatization to a matter of sufficient public importance regarding imposition of 5% additional GST by the Government through FBR on Petroleum products which is in violation of Articles 7 and 77 of the Constitution.

**Mr. Chairman:** Minister for Finance, do you want to give brief statement? Mian *sahib*, before he gives a response….

## Brief Statement by Minister for Finance Regarding Increase in GST on Petroleum Products

سینیٹر محمد اسحاق ڈار (وفاقی وزیر خزانہ): میں آپ کا مشکور ہوں اور same thanks to the movers as well. میں ایک دو منٹ میں facts بتا دیتا ہوں then I will come on the legal side جن basis پر یہ move کیا گیا ہے۔ Mr. Chairman! there has been a massive negative impact on

the revenue collection. Prices fall ہو رہی ہیں، بڑی اچھی بات ہے۔ آپ نے دیکھا کہ کل جو prices announce کی گئی ہیں، ان میں تمام products مثلاً Motor Spirit پر reduction announce کی گئی ہے۔ اسی طرح High Speed Diesel پر بھی reduction کی گئی ہے۔ یہ gross نو روپے چھیالیس پیسے بنتی تھی، تین روپے اکیس پیسے additional Sales Tax کے بعد اس کو pass on کیا گیا۔ High Speed Diesel گیارہ روپے انتالیس پیسے gross بنتی تھی، اس میں سے additional Sales Tax تین روپے ترپن پیسے نکال کر اس کو سات روپے چھیاسی پیسے pass on کیا گیا۔ Kerosene Oil چودہ روپے اکیس پیسے بن رہا ہے، میں status quo کو compare کر رہا ہوں، دو روپے پچانوے پیسے Sales Tax لگا کر pass on کیا گیا اور اسی طرح Light Speed Diesel and High Octane تمام products کو accordingly pass on کیا گیا ہے۔

اب question ہے کہ اس کا impact کیا ہے؟ I think, I owe to this House تاکہ اس میں clarity رہے اور جناب چیئرمین! کل جو net announcement ہوئی ہے، اس میں Petrol چھ روپے پچیس پیسے، High Octane چودہ روپے چودہ پیسے، Kerosene Oil گیارہ روپے چھبیس پیسے، High Speed Diesel سات روپے چھیاسی پیسے اور Light Diesel Oil دس روپے اڑتالیس پیسے کم کیا گیا ہے۔ جناب چیئرمین! یکم ستمبر سے اب تک یعنی first September, October, November, December and 1st January کو ہونے والی یہ پانچ reductions in total after this additional tax کو بھی یہاں ساتھیوں سے share کروں گا کہ Petrol or Motor Spirit پر اب تک کی reduction 29 rupees, 69 pasas ہے۔ اب تک High Octane پر جو reductions announce ہوئی ہیں، آج والی سمیت یہ بیالیس روپے پچاس پیسے ہے۔ Kerosene Oil پر پچیس روپے تیرہ پیسے، High Speed Diesel تئیس روپے گیارہ پیسے اور Light Diesel Oil پر پچیس روپے ستتر پیسے ہے۔ جو بھی ساتھی check کرنا چاہیں، میں دونوں prices share کر لیتا ہوں کہ 31st کی prices کیا تھیں اور آج صبح جو official price announce ہو چکی ہے، وہ کیا ہے۔

Motor Spiritایک سو سات روپے ستانوے پیسے تھی، آج 78.28 ہے، آپ کو اس کا فرق وہی 29.69 کا pass through ملے گا جو میں عرض کر رہا ہوں۔ Then High Octane 134.63 تھی، آج صبح بلکہ کل رات بارہ بجے سے یہ 92.13 ہے، یہ 42.50 کی reduction کا فرق ہے۔ Kerosene Oil کی قیمت ستانوے روپے پانچ پیسے تھی، اب revised price 71.92 ہے، اس کا difference پچیس روپے تیرہ پیسے ہے۔ جناب چیئرمین! اسی طرح Light Diesel Oil کی قیمت ترانوے روپے ستائیس پیسے تھی، آج سے 67 روپے 50 پیسے ہے جس کا مطلب 25 روپے 77 پیسے reduction ہے۔ جناب چیئرمین! یہ reductions in total تقریباً 20% سے اوپر ہیں بلکہ 32% تک بھی ہیں۔ جیسا میں نے عرض کیا مختلف products کی figures different ہیں اور چونکہ جو Sales Tax ہے، duty تو اس پر zero ہے، there were different options کہ کیا کیا جائے۔ اس پر as of now zero duty ہے اور یہ جو prices کی پانچ reductions ہوئی ہیں، اس کا impact تقریباً چار سو ارب سالانہ آتا ہے۔ چار سو ارب کا مطلب ہے کہ Sales Tax کا جو revenue budgeted ہے، بجٹ بھی اسی قوم کا ہے اور revenue بھی اسی قوم کا ہے اور ان Houses نے ہی اس کو approve کیا ہوا ہے۔ اس پر directly ایک fall آئے گی اور اس پر annualized 68 billion rupees کا cut آئے گا اور عوام کو اس کا چار سو بلین کا relief مل رہا ہے کیونکہ وہ pass on کیا جا رہا ہے۔

اب کیا کیا ہے؟ مثال کے طور پر انڈیا کے روپے کو ہمارے روپے میں convert کریں تو اس نے Motor Spirit پر ساڑھے چھ روپے لگایا ہے۔ میں اس لیے مثال دے رہا ہوں تاکہ clarity ہو۔ انہوں نے Diesel پر ساڑھے چار روپے ٹیکس لگایا ہے۔ میں نے ابھی آپ کو بتایا ہے کہ ہماری کوئی بھی increase چار روپے تک نہیں ہے بلکہ اس سے نیچے تین روپے، اکیس پیسے اور تین روپے ترپن پیسے ہے جو 5% کا actual figure calculate ہو رہا ہے۔ ہم اگر یہ نہیں کریں گے تو آپ کو ترقیاتی اخراجات کم کرنے پڑیں گے۔ جناب چیئرمین! Federal Government کے پاس اتنی space نہیں ہے۔ سب سے پہلے آپ نے defence expenditure دینا ہی دینا ہے۔ اس کے بعد ملک کے قرضے جو پندرہ سال پہلے تین ہزار بلین سے

کم تھے، آج پندرہ ہزار بلین پر پہنچ چکے ہیں، پانچ سو گنا اضافہ ہوا ہے، اس کی service کرنی ہے، قرضوں کی قسطیں، سود اور منافع بھی دینا ہے۔ اسی طرح سے لوگوں کی جو salaries ہیں آپ ان کو cut نہیں کر سکتے۔ اس لیے آپ کے پاس space ہی اتنی نہیں ہے۔ ایک ہی ہے کہ جب آپ نے 68 billion cut لینی ہے تو پھر اپنا ترقیاتی پروگرام role back کریں۔

جناب چیئرمین! پچھلے کئی مہینوں سے آپ پر ایک بہت بڑا pressure ضرب عضب کا ہے۔ اس پر تقریباً تیس ارب کا فالتو خرچہ ہو چکا ہے۔ اس operation کو carry کرنے اور ان کے operational expenses کے سلسلے میں armed forces کے اخراجات تقریباً پندرہ ارب ہیں۔ اس میں تقریباً same amount ساٹھ ہزار میٹرک ٹن گندم سمیت جو United Nations World Food Programme کے تحت distribute کیے گئے، وہ عوام کے ہیں یا حکومت پاکستان نے provide کیے ہیں، انہوں نے اس میں اپنی چھوٹی موٹی چیزیں شامل کر کے اس کو package بنا کر بانٹا ہے لیکن transparency point of view سے تاکہ صحیح distribution ہو تو حکومت نے خود بانٹنے کی بجائے ان کے ذریعے کیا ہے۔ اسی طرح سے جو IDPs ہیں، جن کی تعداد تقریباً دس لاکھ کے قریب ہے، ان کو cash کی transparent distribution کی، اس میں تیس ارب روپے خرچ ہو چکے ہیں۔ ابھی آپ نے ان کی rehabilitation اور اس area کی development کی طرف جانا ہے اور ان کو settle کرنے کے لیے پیسے دینے ہیں۔ اس وقت institutions نے جو working کی ہے، وہ تقریباً one billion dollar سے زیادہ ہے۔ ان دس لاکھ لوگوں کو واپس لے کر جانا، وہاں پر جو destruction ہوئی ہے، اس کو درست کرنا، یہ roughly 130 کے قریب ہے۔

ابھی پشاور والے incident کی بات ہو رہی ہے، اس کے بعد بات ہو رہی ہے کہ آپ اپنی civil armed forces کے wings بڑھائیں، اس کے لیے 16 wings کی بات ہو رہی ہے۔ آپ اپنی rapid response force بنائیں، اس کی 3 battalions پر agree ہو چکا ہے اور 9 battalions کی بات ہو رہی ہے۔ Sir, this itself will involve another 30 billion rupees, I mean they are all big ticket items but country is virtually at war. میں یہ گزارش کر رہا ہوں کہ اس کو اس

نظریے سے دیکھا جائے۔ کون نہیں چاہتا کہ جتنی relief pass ہو سکے، انڈیا، انڈونیشیا نے کیا ہے، یہ وہ ممالک ہیں جن کے foreign exchange reserves 300 billion میں بھی ہیں اور وہ afford کر سکتے ہیں لیکن اس کا ایک چھوٹا حصہ جیسا کہ میں نے کہا کہ پچھلی پانچ reductions میں relief 29 rupees, 30 rupees, 25 rupees دی ہے۔ آپ کیا رکھ رہے ہیں؟ Less then 4 rupees, تین روپے پچاس پیسے، تین روپے ترپن پیسے جو میں نے عرض کیا ہے۔ جناب! یہ چار سو بلین کی pass through اچھی بات ہے، اس سے عوام کو relief ملے گا۔ اس میں نہ صرف direct consumers گاڑیوں والوں بلکہ ٹیوب ویل اور transporters اور جہاں جہاں بھی اس کا استعمال ہے، یہ صرف گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور رکشہ میں استعمال نہیں ہوتا بلکہ باقی چیزوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ factual position ہے جو میں نے عرض کی۔ میں اس House کو یہ owe کرتا ہوں اور I always believe in transparency میں ایک چیز اور عرض کروں کہ جو Furnace Oil ہے چونکہ وہ بجلی پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے، ملک میں 1st September کو اس کی قیمت تقریباً average 79000 rupees تھی، اس پر Sales Tax اس لیے نہیں بڑھا، one can ask کہ آپ نے اس کو کیوں exempt کر دیا ہے؟ وہ اس لیے کہ اگر آپ بڑھائیں گے تو بجلی کا tariff بڑھے گا کیونکہ انہوں نے pass through کرنا ہے۔ وہ حکومت کو جتنی بجلی دیں گے، اگر آپ اس کی قیمت میں add بھی کرتے ہیں تو اس پر نہیں بڑھایا گیا، وہ اس وقت 43000 روپے ہے۔ اس مہینے کی fuel adjustment deduction دو روپے بانوے پیسے ہے اور ساٹھ پیسے کا جو pending تھا جو ان کا lone ہے جس پر banks کو ساٹھ پیسے cost دی جاتی ہے، جس کو defer کیا گیا تھا، جو دونوں notifications اکٹھے ہوئے ہیں، دو روپے بانوے پیسے کا fuel adjustment ہے یعنی reduction ہے اور ساٹھ پیسے کی tariff میں increase ہے جو کئی مہینوں سے pending تھی۔ وہ net دو روپے بتیس پیسے کی relief ہے۔ اگر furnace oil بڑھاتے تو دوبارہ fuel adjustment اوپر جاتی، ہم نے اس کو چھوڑ دیا ہے، نہیں کیا ہے۔

اب میں اپنے دوستوں، میرے معزز ساتھی اور بھائی ہیں، میں ان کی بات کی طرف آتا ہوں۔انہوں نے جو تین provisions کا ذکر کیا ہے۔ میں تو ان کا شاگرد ہوں،ان کے ساتھ پچیس سال سے سیکھ رہا ہوں۔Article 7 بڑا clear ہے،وہ basically definition ہے، let me read it out sir,

> "In this part unless the context otherwise required the state means the Federal Government, *Majlis-e-Shoora*, Parliament, a Provincial Government, a Provincial Assembly, a such local or other authority in Pakistan as are by law empowered to impose any tax or cess".

میرا خیال ہے کہ اس پر تو settlement ہے،اس کی تو violation نہیں ہے لیکن چونکہ لکھا ہوا ہے۔اب Article 77 پر آ جاتے ہیں۔اس میں ہے؛

> "No tax shall be levied for the purposes of the federation except by or under the authority of act of *Majlis-e-Shoora"*.

بالکل ٹھیک ہے 100% agreed لیکن جناب! مجلس شوریٰ کا Sales Tax Act 1990 ہے اور اس کا section 3 ہے، میں سارا نہیں پڑھتا،اس کا جو sub section 2(b) ہے، میں اس کو پڑھ دیتا ہوں.that is relevant یہ مجلس شوریٰ کا ہی Act ہے۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ Article 77 کے تحت کوئی ٹیکس نہیں لگ سکتا ماسوائے مجلس شوریٰ کے Act کے کوئی tax نہیں لگ سکتا،یہ recent مجلس شوریٰ act کیا کہتا ہے،اس کی relevant clause Sales Tax of 1990 sub-section-3 sub-section-2(b) "the Federal Government may subject to such conditions and restrictions as it may impose by notification in the Official Gazette declares that in respect of any goods or class of goods imported into or produced or any taxable supplies made by a registered person or a class of registered persons a tax shall be charged. اب میں operative part میں آ رہا

the tax shall be charged, collected and paid in such ،ہوں
at such higher or low ، ہےimportantاس کے آگے بہتmanner and
جناب! یہrate or rates as may be specified in said notification.
regulatory تھی کہ اس پرchoiceہیں، ایکfactsہے، آپ کے سامنےclearبالکلlaw
کہ آپ اس میں obviously that would have required،لگادی جائےduty
resortکریں بجائے اس کےpowersکو استعمال کریں، میں انpowersاستعمال کے خلاف
ہوں۔ میں شاید اس کو بھیavoidکرتا، اگر میرے پاس کوئی اورtoolہوتا یا مجھے میرے پاس اتنا وقت
ہوتا۔ آپ دیکھیں کہ اس سے پہلے کہ اتنا زیادہgapآ جائے، میں نے جیسے کہا کہ if you are
Let me question to کر دیں۔68 billion slashکہmentally ready
that is کرتے ہیںgrowth projectکاtaxآپthe House right now,
CPIہے، نمبر ایک نئےtaxesہیں، نمبر دو آپ کیCPIہے based on four components,
جو کہConsumer Price Indexہے، اس کیgrowthہونی ہی ہونی ہے۔ نمبر تین آپ
کیGDP growthہے اور نمبر چار آپ نے جوreformsکی ہیں، آپ نے چوری کو کم کرنا ہے،
These four components بہتر کرنا ہے۔ administration آپ نے
کہ آپ اگلے سالrevenueکتنے سے کتنا لے actually lead you to project
I always share with my brothers and جانے کی کوشش کریں گے۔
کیونکہ ہم اگرsisters that I believe in stretch and difficult targets
پہلے ہیmean targetsسے شروع ہوں گے تو پھرwith all due respectہمارے
جوsystems, authorities and divisionsہیں، وہ پھر سوئی رہیں گی، ہم انہیں
stretchبڑےhigh targets پر رکھتے ہیں، ہم بڑے obviously fast track
رکھتے ہیں تاکہthey should be on toes so are we.ہم اگر یہ کرتے تو جیسے میں
نے عرض کیا، آپ جوcore price indexہے، الحمدللہ that has positive
effectیعنیconsumerاور آدمی پر ہوگا۔ ایک ہے کہ اس کا جوnegative effect آتا
ہے، وہ آپ کےrevenue generation and taxes collectionپر آتا۔ میں

عرض کر رہا تھا کہ اس پر آپ کی 11 سال کی نومبر کی CPI that is 4%, it was double digit last five years before June 30, سب نکال کر دیکھ لیں کہ 12% average ہے، وہ اب 4% پر CPI ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ your revenue target is also going to be affected اور internationally اس oil کی وجہ سے جو commodities کی prices ہیں، they all have gone down. So, anything which will be imported آپ اس میں fix نہیں لیتے آپ percentage لیتے ہیں یعنی آپ نے deduction کی ہے، اگر یہ deduction نہ ہوتی تو کوئی مسئلہ نہیں تھا۔

جناب! اس کا اور فائدہ ہو گا، خدانخواستہ، ہو سکتا ہے جب prices اوپر جاتی ہیں تو you can start slashing this additional so, it is more flexible. جناب! بات یہ ہے کہ میں خود اس کا believer ہوں لیکن ہمیں حالات کو بھی سامنے رکھنا ہے، ہمارا revenue short fall اسی item کی وجہ سے ہے، ہم اس کو مدنظر رکھیں۔ چار سو ارب بالکل جاتا ہے، ٹھیک ہے لیکن country نے اس کا جو revenue loss ہے، اس کو protect کیا ہے اور آپ کے سامنے India کی مثال ہے۔ میں سمجھتا ہوں اور سب ساتھیوں سے کہتا ہوں کہ under the factual position, keeping in the revenue short fall جو کہ سیدھا development expenditure پر cut آئے گا، ہم اس پر پریشان ہوں گے۔ جناب! اس کا جو impact ہے، یہ صرف 30 جون تک 17.5 billion ہو گا، آپ کو یہ بھی explain کر دوں کیونکہ یہ annualize 68 billion recover نہیں کیا جا رہا، اس کی 30 جون تک 17.5 billion collection ہو گی جو ہماری import کی quantities پر 5% کی additionality ہے، ایک annualize 68 billion loss ہے، 4 billion کا benefit to the consumers ہے۔ اب آپ بتا دیں کہ کونسا easiest tool تھا، this was probably more flexible خدانخواستہ دو، تین اور مہینوں میں ہم نے دیکھا ہے کہ price rebound کرتی ہیں۔ ہم اس وقت اکٹھے بیٹھ کر اگر prices خدانخواستہ 70 پر جاتی ہیں تو we will reduce this, may be five to three, may be وقت آئے گا، اس کو ختم کرنا پڑے۔ I wish کہ price اسی طرح چلتی رہیں، ہمیں suit کرتا

ہے، ہمارے current account کو suit کرتا ہے۔ The only comfort zone is current account deficit, ہمارے dollars اتنے بڑھتے ہیں لیکن that does not save us actual real income that is only balance sheet item. اس میں میری گزارش ہے کہ اس سارے factors کو مدنظر رکھتے ہوئے، national requirements کو مد نظر رکھتے ہوئے، I will humbly request my colleagues جو movers ہیں کہ وہ ان factors کو مدنظر رکھتے ہوئے، وہ مہربانی کر کے اس کو review کریں۔ Thank you sir.

جناب چیئرمین: جی میاں رضا ربانی صاحب۔

## Participation of Movers on the Calling Attention Notice

### Senator Mian Raza Rabbani

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ جناب! میں اس سے پہلے calling attention پر بات کروں، میں صرف اتنا عرض کرنا چاہوں گا کہ آپ اب galleries کو دیکھیں تو پتا چلتا ہے کہ واقعی کوئی وزیر سینیٹ میں آیا ہے۔ Mr. Dar *sahib* is a master economist and he has put the figures and the various issues before the House, I am unfortunately not an economist. لہذا، میں دو، تین موٹی موٹی باتیں کرنا چاہوں گا۔

جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے کہوں گا کہ آپ کو یاد ہو گا کہ PML(N) کا جو انتخابی منشور تھا یا ہے، انہوں نے اس میں یہ بات واضح الفاظ میں کہی تھی کہ وہ جب بر سر اقتدار آئیں گے تو وہ direct taxation پر انحصار کریں گے اور اس کو increase کریں گے۔ ہم نے یہاں پر دیکھا کہ جب سے PML(N) کی حکومت آئی ہے، انہوں نے اپنے منشور کی خلاف ورزی کرتے ہوئے، indirect taxation پر انحصار کیا۔ انہوں نے پہلے بجٹ میں GST کو 16 سے 17% کیا اور اب POL پر 17 سے 22% کیا یعنی 5% increase کی۔ یہ 5% جو اس کو 22% پر لے جا رہا ہے، شاید پاکستان کی تاریخ میں کسی ایک commodity پر اتنا high GST نہیں لگا۔ جناب چیئرمین! فاضل وزیر صاحب نے یہ بات فرمائی کہ یہ پانچ کا cushion ہے اور اس cushion میں اگر prices میں اضافہ ہوا تو ہم اس کو کم کرتے جائیں گے تاکہ اس increase سے عوام کو

cushion ملے۔ میں counter سوال آپ کے توسط سے کرتا ہوں کہ اس سے پہلے کہ prices کم ہونا شروع ہوئیں، petroleum کی prices بڑھتی گئیں۔ ہم نے اس وقت نہیں دیکھا، correspondingly decrease 17% GST میں آئے۔ لہذا، اب ہم اس بات کو کس طرح تسلیم کر لیں گو کہ ڈار صاحب کہہ رہے ہیں تو میں ویسے تو تسلیم کر لوں لیکن جو past practice ہے، اگر میں اس کو مد نظر رکھوں تو مجھے وہ ایک دوسرا راستہ اختیار کرتے ہوئے دکھائی دیتی ہے۔

جناب چیئرمین! تیسری بات یہ ہے کہ عوام کو to a certain extent ایک relief مل رہا تھا، اب وہ price pumps تک نہیں جانے دی جا رہیں۔ کل جو announcement کی، اس پر یہ show کیا گیا کہ products کی اتنی price کم ہو گئی ہے without taking into account کہ اب 5% GST لگا ہے۔ لہذا، یہ ایک misconception کرنے کی کوشش کی گئی۔ جناب! جو اور بات ہے جو انہوں نے on the legal side پر فرمایا،

I don’t know, how Article 7 found mentioned but the actual crux of the question is Article 77 and Article 77 is very clear on the issue. Article 77 sub-section (b) and Clause (b) of sub-section-2 of Section-3 of the Sales Tax Act has been discussed in details by the Supreme Court in two judgments. And the Supreme Court which I will bring to you, I will bring those on Monday because you need to be assisted properly on that issue because you want to give a ruling. So, there has to be a proper assistance.

Mr. Chairman: We may now discuss the legality of this, you know.

Senator Mian Raza Rabbani: But all I want to says is that on this issue, the Supreme Court is very clear. The Supreme Court has taken into consideration Article 77; the Supreme Court has taken into consideration 3(2)b(Sales Tax Act) and discussed it and then came to a

finding that it is not the role of the executive to levy any tax and if any tax is to be levied, it is to be done through an Act of Parliament. And an Act of Parliament what they are interpreting. I think you have understood that we will go into on Monday but that is not that act of Parliament, it has to be a Money Bill which has to be moved afresh, which would seek an increase of 5% GST in the POL products.

Therefore, I would say that this is unconstitutional; the increase is in total violation of Article 77 and it is in total violation of the judgments of the Supreme Court.

جناب چیئرمین: ڈار صاحب! I'll give you an opportunity اس پر میری ایک گزارش ہے کہ باقی جو movers ہیں ان سے پوچھ لیتے ہیں کہ as regard as the justification of the requirements کہ یہ کیوں impose کیا گیا وہ تو ڈار صاحب نے دے دیا۔ As far the issue is concerned whether it is in accordance with the Article 77 or not. اس پر راجہ صاحب نے کہا کہ it should be taken up on Monday or he will be referring to certain judgments also. He wants to give a detailed assistance to the House itself also. میں سمجھتا ہوں کہ it is constitutional issue, we may take it up on Monday اور باقی ممبران بھی جو Article 77 کے حوالے سے بات کرنا چاہتے ہیں تو we can take up on Monday ۔ As far that what were the requirements ہماری balance sheet خراب ہو رہی تھی تو that's why we introduced all those things and one thing should be kept in mind also. It's not only the importing country, they are being affected. Even the producers of Oil, وہ بھی متاثر ہو رہے ہیں، ان کا بھی اپنا balance sheet ایک ہے اور انہوں ایک بجٹ رکھا ہوتا ہے کہ this would be the income and certainly when the prices have dropped

Article اس پر اگر بات کر لیں اورdown, they are being affected also. we will talk on Monday.پر 77

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میرے بھائی نے جو دو تین چیزیں flagکی ہیں، I would like to clarify.انہوں نے فرمایا کہ آپ کو شاید مجھ پر تو یقین ہو کہ جب priceبڑھے گی تو corresponding decreaseہو گی۔ جناب چیئرمین! آپ نے نہیں دیکھا اور میرے خیال میں آپ fully informedنہیں ہیں۔ میں 1st September سے پہلے کی بات کر رہا ہوں کہ 8 مہینے گورنمنٹ نے ہر price increaseکو absorbکیا، 22 billion subsidy was used out of budget.میں یہ clarifyکرنا چاہتا ہوں کہ ایک یہ تھا آپ 22 billion subsidyدے دیں اور GSTکو اسی طرح رکھیں اور دوسرا یہ تھا کہ GST reduceکر دیں۔ In any caseدونوں toolsمیں بجٹ کو 22 billionکی hitپڑنی تھی جو کہ ہوئی۔ It is on the record, I can provide all the detailلیکن public announcement ہے، most welcome.میں clarifyکرنا چاہتا ہوں کہ standby اکہ اگر prices increaseہوئیں تو اسی toolکو استعمال کیا جائے گا تاکہ اس وقت اس کو adjustکیا جائے۔

جناب چیئرمین! دوسرا میاں صاحب نے فرمایا کہ کل کی جو price reductionہوئی ہے، وہ pumpsپر نہیں ہے، that must not happen, جو reductions announceکی گئی ہیں، those reductions are to be actually implemented and they have been implemented. I don't believe, please cite any example,آپ نے جو کل پیٹرول خریدا وہ آج 6.25روپے کل سے سستا ہونا چاہیے، despite this 5% increase in the GST, ہائی اوکٹین پر 14.14روپے after this small adjustmentوہ آج decreaseہونی چاہیے۔ Let somebody bring the invoice.انہیں invoiceدی جاتی ہے کہ کل یہ priceہو گی، اگر وہ ان کے پاس نہیں ہے تو

there is a legal action required against those pumps.

Mr. Chairman: That was in a different context.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: Let me sir, lastly also say تاکہ ساتھی تیار ہوں کہ یہ کوئی پہلی دفعہ نہیں ہوا، this law has been used regularly. Let me tell you. SRO 69-2006 اور اسے 28 جنوری 2006 کو use کیا گیا، SRO 313-, dated 31 March, 2006 کو use کیا گیا، SRO 1125-2011 میں use کیا گیا جب میاں رضا ربانی حکومت میں تھے اور ہم ادھر بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی طرح 31 December, 2011 کو SRO use کیا گیا، SRO 213-15 March, 2013 کو use کیا۔ These are the lists, let's be fair اگر کوئی چیز consistent ہے تو ہم اسے issue نہ بنائیں، باقی جو sponsored writs ہیں وہ تو ہر روز ہوتی ہیں، اس پر بھی again writ ہو گی، بات ہو گی اور پھر آخر میں اس کا فیصلہ ہو جائے گا۔ Sir, with all I think we should rise above such things, with due respect میں یہ نہیں کہہ رہا کہ خدانخواستہ کسی کی intention ٹھیک نہیں ہے، میں صرف یہ گزارش کر رہا ہوں کہ میں یہ SRO's پچھلے tenure کے بھی دے رہا ہوں، I am happy to produce copies. میاں صاحب نے جو فرمایا کہ 16 سے 17 کیا گیا، وہ بھی ٹھیک تھا، وہ بھی in accordance with law تھا، وہ آپ کی اور ہماری حکومت نے 20 دفعہ کیا تھا۔ آپ نے بھی کیا، ہم نے بھی کیا، میرا مطلب ہے کہ ہم settled چیزیں دوبارہ کر رہے ہیں۔ With all due respect اب judiciary میں ایک تماشا لگا، ٹھیک ہے قوم کا نقصان ہوا، لوگوں نے تو پھر بھی اکٹھا کیا ہو گا اور قوم کا نقصان ہوا۔ چند دنوں کے دو تین ارب اکٹھے ہوئے۔ remember we have to withdraw on 21st of June till 30th June. یہ چیزیں national matters ہیں، اس کو اسی spirit میں دیکھنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: میاں رضا ربانی صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! پہلی بات تو یہ ہے کہ جہاں تک sponsored petitions کی بات ہے تو جن petitions میں یہ judgment آئی ہے، وہ PML(N) کے سیکریٹری جنرل ہیں، وہ ظفر اقبال جھگڑا صاحب کی petitions ہیں جس میں Senator Rukhsna Zuberi is also a part of that. So, if Zafar Iqbal Jhegra *sahib's* petitions are sponsored, I can't say

anything about that. I don't know about any petition being filed today.

دوسری بات یہ ہے کہ اگر ہمارے دور حکومت میں کوئی چیز غلط ہوئی ہے تو

that doesn't mean کہ that is legal, if it was unconstitutionally done during our period, it's equally to be condemned, and I condemn it from the floor of the House.Lastly No. 3. The fact that honourable Minister said کہ اس وقت judiciary، میں ایک تماشا لگا but nonetheless, they are judgments of the Supreme Court, they are holding the field. حکومت اٹارنی جنرل کو کہہ کر ان judgments کو review کرے but as long as those judgments arethere, they are holding the field.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ کامل علی آغا صاحب۔

سینیٹر نسرین جلیل: جناب چیئرمین! مجھے موقع دیا جائے۔

جناب چیئرمین: Your are not part of this Calling Attention, I cannot give you the floor. Please hold on now جب Calling Attention آپ کے نام نہیں ہے تو پہلے priority توان کی ہے۔ آپ تشریف رکھیں۔ کامل علی آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب چیئرمین! جو constitutional arguments ہیں وہ توآپ نے decide کر دیا کہ اس پر Monday کو بات ہو گی اور آپ نے یہ بھی بہت مہربانی فرمائی کہ اگر کوئی بھی ممبر اس پر بات کرنا چاہے تو اس دن کر لے۔ بہر حال ایک بات جو ابھی تک سامنے آئی ہے اور میں یہ request ضرور کروں گا کہ چھ جائے کہ یہ معاملہ اعلیٰ عدلیہ کے پاس جائے، وہ strike down کریں۔ اس ہاؤس کا اختیار ہے اور آپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ آپ اس پر ruling دیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس ہاؤس اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی authority کو استعمال کرے۔

دوسری بات یہ کہ مجھے ڈار صاحب کا بہت احترام ہے لیکن ڈار صاحب کا دل ان کے arguments کے ساتھ۔۔۔۔۔

Senator Muhammad Jaffer Iqbal: Point of order sir, relating this business.

یہ بہت relevant ہے اور اسی business کے حوالے سے ہے۔۔۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Jaffar Iqbal sahib, please have your seat. Let him complete. When he concludes, then I will give you the point of order. Jaffar Iqbal sahib, please have your seat. You cannot have the point of order. Let him finish it first. I will not give you the floor, you should not interrupt. I request you to kindly have your seat. I know rules. The rules' book is lying with me. Please don't come in arguments with me, I am requesting you that the floor is with him, let him conclude, then I can give you the floor.

Secondly, the Minister himself is here to respond to it. It is a 'Calling Attention' going on. The Minister concerned is sitting over here and he would respond to that.

سینیٹر کامل علی آغا: چوہدری جعفر اقبال صاحب کو یہ سمجھانا پڑے گا کہ اس طریقے سے آپ منسٹر کی یا حکومت کی جان نہیں چھڑا سکتے۔ آئین موجود ہے، قانون موجود ہے، اخلاقیات موجود ہیں اور ہم ہر لحاظ سے argument کریں گے اور منسٹر صاحب کو موقع ملنا چاہیے کہ وہ ہمارے سوالات کا جواب دیں۔

سب سے پہلی بات، اب میں بات کرنے لگا ہوں دیانت اور امانت کی، جب اضافہ ہو رہا تھا تو فی الفور اضافہ ہو رہا تھا۔ اب واپس کرنا پڑ رہا ہے تو سوچ بچار ہو رہی ہے۔ وہ عوام کا حق ہے، آپ انڈیا کی مثال کیسے دے سکتے ہیں کہ وہاں یہ ہوا اور وہ ہوا۔ انڈیا میں جو کچھ ہو رہا ہے، کیا یہاں بھی وہ ہو رہا ہے؟ جتنی آئین اور پارلیمنٹ کی بالادستی وہاں ہے، کیا آپ یہاں کے پرائم منسٹر یا یہاں کی حکومت، پارلیمنٹ کو وہ بالادستی اور وہ حیثیت دیتے ہیں؟ بات یہ ہے کہ کمی کو calculate کیا گیا ہے، آج بھی میں نے پڑھا ہے کہ جون سے لے کر اب تک پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بین الاقوامی سطح پر 56% کمی واقع

ہوئی ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جناب محترم یہ بتادیں کہ آپ نے تو ابھی تک لوگوں کو 12 سے 14 فیصد تک کمی pass on کی ہے، میں exact figure نہیں بتا سکتا لیکن جو میڈیا میں آرہا ہے اور جو figures calculate کر کے بتائی جارہی ہیں، ان کے مطابق عوام کو صرف 12 سے 14 فی صد واپس کیا جارہا ہے۔ یہ جو درمیانی فرق ہے یعنی 14 اور 56 کا، یہ 42 فی صد کا فرق ہے جو عوام کو واپس نہیں کیا جارہا، جو ان کی امانت ہے۔ جب آپ 107 ڈالر کے حساب سے calculate کر کے 17 فی صد لے رہے تھے، اس وقت آپ کو عوام پر رحم نہیں آیا، آج اپنے اوپر آپ کو رحم آرہا ہے کہ فلاں جگہ ایسا ہو جائے گا اور فلاں جگہ 56 ارب کا فرق پڑ جائے گا، پتا نہیں کیسے آپ نے 400 ارب کا فرق بنا دیا ہے۔ بات یہ ہے کہ یہ جو اضافی رقم آپ لے رہے ہیں، آپ قیمت میں 42 فی صد کے حساب سے اضافی لے رہے ہیں۔ آج تک وہ کتنے سو ارب بنتا ہے، وہ بھی بتادیں۔ کیا آپ اسے development کے لیے استعمال نہیں کر سکے؟ آپ نے بہت ساری چیزیں بتادیں کہ یہاں خرچ ہو رہا ہے اور وہاں خرچ ہو رہا ہے، ٹھیک ہے، حالات ایسے ہیں لیکن کیا آپ کو نہیں چاہیے کہ عوام کی اذیت کو دیکھیں۔ آپ ان کی اذیت کو نہیں دیکھ رہے۔ عوام کی اذیت کیا ہے؟ ان کی اذیت یہ ہے کہ لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے بے روزگاری ہے، ذرائع آمدنی کوئی نہیں ہیں، اچھے بھلے کاروباری لوگ بے روزگار ہو کر بیٹھے ہیں۔ غریب طبقے کی یہ حالت ہے کہ انہیں daily wages پر بھی کوئی روزگار میسر نہیں ہے۔ پھر آپ ان سے کس ظلم اور زیادتی کے ساتھ اضافی طور پر وہ پیسے وصول کر رہے ہیں، جو ان کا حق ہے، جو انہیں واپس ملنا چاہیے، وہ آپ ادا کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ لوگ مختلف وجوہات کے باعث انتہائی اذیت میں مبتلا ہیں، دہشت گردی ہے، بے روزگاری ہے، مہنگائی ہے۔ مہنگائی پر آپ control نہیں کر پارہے۔ یہی آپ کا control ہے کہ 5% مزید ٹیکس لگا دیں۔

جناب چیئرمین: آغا صاحب! اپنی بات مکمل کر لیجیے۔ Time limit کا خیال رکھیے۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں ایک آدھ منٹ اور لوں گا۔ میری گزارش یہ ہے کہ اس ٹیکس کا نام سیلز ٹیکس ہے اور ٹیکس کے متعلق آئین پاکستان بڑا واضح ہے۔ آئین کی provisions موجود ہیں اور پھر اگر اس پر سپریم کورٹ نے فیصلہ دے دیا ہے تو اس کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ اس enactment کو ایک طرف رکھنا پڑے گا اور حکومت کو عوام کے سامنے جواب دینا پڑے گا کہ یہ ٹیکس ہے یا جگا ٹیکس ہے۔ یہ تو بالکل ایسے لگا دیا گیا ہے جیسے ایک جگا ٹیکس ہوتا ہے۔

جناب چیئر مین: آغا صاحب! آپ conclude کر لیں، توجہ دلاؤ نوٹس پر debate نہیں ہو سکتی۔ یہاں تو debate کی جا رہی ہے، مہربانی فرما کر اسے conclude کر لیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب چیئر مین! میں سوالات کر رہا ہوں اور ان کے جوابات، وزیر صاحب کو دینے ہیں۔ چونکہ وزیر موصوف محترم اسحاق ڈار صاحب بجا طور پر فرما رہے ہیں کہ وہ transparency رکھنا چاہتے ہیں لیکن میں پوچھتا ہوں کہ یہ کون سی transparency ہے۔ شکریہ جی۔

Mr. Chairman: Jaffar Iqbal sahib on a point of order.

## Point of Order raised by Senator Ch. Mohammad Jaffar Iqbal regarding Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: جناب چیئر مین! میں پہلے point of order کے بارے میں عرض کروں گا، سینیٹ کے Rules of Procedure کا rule 243(2) کہتا ہے:

> "A point of order may be raised in relation to the business before the Senate at the moment:"

جناب چیئر مین: اس کے ساتھ Rule 227 بھی پڑھ لیں۔ پہلے اس پر بھی آئیں کہ when a member can seek the permission of the Chair and till that time, a member cannot speak until the Chair allows it. آپ مہربانی کر کے Rule 227 کو بھی ساتھ پڑھ لیں، صرف 243 کو ہی نہ پڑھیں۔

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: جناب چیئر مین! ایسا ہی ہوا، جب آپ نے مجھے allow نہیں کیا تو میں بیٹھ گیا۔ میں نے سوچا کہ میں انتظار کروں گا۔ میں کہنا چاہوں گا کہ آپ میرے لیے نہایت قابلِ احترام ہیں، آپ معزز چیئر مین بھی ہیں اور ذاتی طور پر بھی میں آپ کی عزت کرتا ہوں۔ میرا ایسا کوئی مقصد نہیں تھا کہ خدانخواستہ، میں آپ کو let down کروں لیکن میں جب بھی اٹھتا

ہوں تو قانون قاعدے کے حوالے سے اٹھتا ہوں۔جناب! Rule 64, calling attention notice کے حوالے سے بہت واضح ہے۔اس قاعدے کی جز(2) کہتی ہے کہ:

> "There shall be no debate on such statement at the time it is made but each member in whose name the item stands may, with the permission of the Chair, ask a question."

Mr. Chairman: This has been amended.

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: ہمیں تو آپ نے رولز کی جو latest کتاب دی ہے، میں نے تو اس سے پڑھا ہے۔

جناب چیئرمین: یہ rule amend ہو گیا ہے۔ میں آپ کو یہ بھی بتا دیتا ہوں کہ یہ rule amend کب ہوا ہے۔

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: آپ kindly اسے پڑھ دیں۔ میرے پاس تو جو تھا، میں نے آپ کو عرض کر دیا ہے کہ اس پر ایک سوال ہو سکتا ہے جبکہ یہاں debate ہو رہی تھی۔

جناب چیئرمین: پہلے یہی تھا لیکن اب یہ rule amend ہو گیا ہے۔اگر آپ اس rule کو دیکھ لیں تو آپ کو واضح ہو جائے گا۔

It has been substituted on 16th April, 2014. This rule has been amended and has been inserted. I will read out the inserted portion now:

> *[(2) There shall be no debate or voting on such a statement. The member in whose name the item stands shall make a brief statement and the Minister concerned shall make a statement on the subject. The statement by the member shall

not exceed ten minutes and the statement by the Minister shall not normally exceed fifteen minutes]*

I have read it out and this is for the knowledge of every member now also.

یہ رولز 2014 میں amend ہوئے ہیں اور آپ نے خود کیے ہیں۔ میں نے نہیں کیے، آپ نے کیے ہیں۔

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: میں اگر کرتا تو آپ کو کبھی نشاندہی نہ کرتا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ زاہد خان صاحب۔

**Senator Muhammad Zahid Khan**

سینیٹر محمد زاہد خان: میں economist ہوں اور نہ ہی کوئی lawyer کہ زیادہ detail میں بات کروں۔ جس طرح میاں صاحب نے کہا کہ ڈار صاحب تو economist ہیں اور یہ جب بھی ہمارے وزیرِ خزانہ بنتے ہیں تو انہیں لفظوں کا ہیر پھیر بہت آتا ہے۔ ہم جو مرضی کہیں، وہ ادھر اُدھر کر کے اپنا راستہ نکال لیں گے۔ ایک تو اس نے کہا کہ ہمیں ابھی ضرورت ہے۔ کس بات کی؟ Rapid Forces جو ہم نے بنائیں ہیں یا ہم ضرب عضب کے لیے گئے ہیں۔ تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب آپ کا بجٹ تیار ہو رہا تھا تو یہ Rapid Force تو اس سے پہلے آپ کا پروگرام تھا کہ ہم نے بنانا ہے۔ تو آپ نے اس بجٹ کے اندر اس کے لیے allocation کیوں نہیں کیا۔ پھر آپ نے ضرب عضب 30 جون کو شروع کیا ہے۔ آپ کا بجٹ 25,26 جون کو پاس ہوا ہے۔ تو پھر اس میں آپ نے کیوں نہیں رکھا لیکن آپ بھی وہ بات کر رہے ہیں کہ جب احسن اقبال صاحب سے ہم نے پوچھا کہ آپ نے میٹرو بس کے لیے جو پیسے رکھے ہیں تو اس نے کہا کہ نہیں اس بجٹ میں ہم نے نہیں رکھے تھے۔ تو ہم نے پوچھا کہ پھر کب رکھے تھے؟ کہتے ہیں کہ وہ جو پہلے ہم نے رکھے تھے وہ lapse ہوئے تھے۔ تو اس بجٹ کے اندر اس کو پھر identify نہیں کرنا چاہیے تھا۔ تو میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ ایک طرف تو عوام کو relief دے رہے ہیں۔ بجلی کے جو 60 پیسے ہیں اس پر ہمارا دوسرا موشن بھی آنے والا ہے۔

جناب چیئرمین: چلو، جب وہ موشن آئے گا تو پھر بات کر لیں گے۔

سینیٹر محمد زاہد خان: میں صرف یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ ڈار صاحب یہ کیوں بھول جاتے ہیں کہ جب یہ اپوزیشن میں ہوتے ہیں تو ساری باتیں بہتر ہوتی ہیں اور جب حکومت میں جاتے ہیں تو ان کی ضروریات بڑھ جاتی ہیں۔ ضروریات بڑھ جاتی ہیں لیکن یہ ضروری ہے کہ آپ عوام کی جیب سے پیسہ نکال کر خرچ کریں۔ آپ کیوں ایسا کر رہے ہیں؟ جب دنیا میں ریٹ 160 ڈالرز پر پہنچ گیا تھا لیکن آج میرے خیال میں 60 ڈالرز سے بھی نیچے آ گیا ہے۔ آپ عوام پر احسان تو نہیں کر رہے ہیں۔ دنیا میں ریٹ کم ہوتے جا رہے ہیں۔ آپ اپنا پیسہ بڑھا رہے ہیں۔ آپ کیوں بڑھا رہے ہیں؟ نقصان کوئی نہیں ہے، منافع ہے اور آپ منافع اپنی مرضی سے بڑھاتے جا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی، کلثوم پروین صاحبہ۔

**Senator Kalsoom Parveen**

سینیٹر کلثوم پروین: شکریہ، جناب چیئرمین! یہ جو Resolution آیا ہے، ڈار صاحب خود بھی ان چیزوں کو بہت اچھے طریقے سے جانتے ہیں اور گزشتہ 12 سال سے فنانس کو دیکھتے رہے ہیں اور امید ہے کہ انہیں فنانس پر command حاصل ہے۔ جناب چیئرمین! جس طرح میاں صاحب نے بات کی کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ آنے دیں تاکہ Monday کو بھی اس پر بات کی جا سکے۔

دوسری بنیادی بات اس میں یہ ہے کہ جو بھی tax لگتا ہے وہ آپ کی پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر نہیں لگ سکتا۔ یہ بات تو طے ہے۔ آپ کوئی بھی قانون دیکھ لیں یا آپ کوئی بھی Article دیکھ لیں۔ ڈار صاحب کو بہت اچھے طریقے سے یاد ہو گا کہ جب پیپلز پارٹی Petroleum Development Levy لگا رہی تھی تو فنانس کمیٹی کی میٹنگ میں ڈار صاحب نے میرے خیال میں مسلسل کوئی ایک گھنٹہ اس پر بات کی تھی۔ اس میں انہوں نے آئین کے آرٹیکل 77 کا بھی حوالہ دیا کہ آپ بغیر legislation کے کوئی ٹیکس نہیں لگا سکتے۔

جناب چیئرمین: کلثوم پروین صاحبہ! Monday کو اس پر بحث ہو گی۔

سینیٹر کلثوم پروین: اگر پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر یہ کوئی ٹیکس لگائیں گے تو پھر میرا خیال ہے کہ جمہوریت کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ اس وقت پٹرول کی قیمت 57 ڈالرز فی بیرل ہے جو کہ 36 روپے فی لیٹر بنتی ہے اور دس روپے آپ اس کی cost لگا لیجیے گا۔ پھر بھی 46 روپے بنتی ہے۔ اب بھی حکومت 33 روپے فی لیٹر کما رہی ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! تیل کی قیمت جس وقت 114 ڈالرز فی

بیرل تھی تو پاکستان میں قیمت اس وقت 111 روپے فی لیٹر تھی۔ آج ایک بیرل 57 ڈالرز پر آگیا ہے مگر پاکستان میں 79 روپے فی لیٹر ہے۔ پوری دنیا میں اس وقت تک قیمتوں کا موازنہ پیش نہیں کیا جا سکتا جب تک ہم کسی چیز کو پارلیمنٹ میں لا کر اس پر بحث نہ کریں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سعید الحسن مندوخیل صاحب۔

**Senator Saeed-ul-Hassan Mandokhail**

سینیٹر سعید الحسن مندوخیل: شکریہ، جناب چیئرمین! ڈار صاحب نے بڑی اچھی وضاحت کی ہے۔ اچھی وضاحت وہ ہمیشہ دیتے ہیں۔ خوبصورت آدمی ہیں، اچھا اور خوبصورت جواب دیتے ہیں چاہے وہ چھری بھی پھیر رہے ہوں لیکن بڑے خوبصورت انداز میں اور بڑے طریقے سے وہ چھری پھیرتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ یہ GST جواب 5% لگا ہے، جیسے ڈار صاحب نے فرمایا کہ اگر یہ ریٹ بڑھیں گے تو ہم اس کو کم کریں گے۔ سوال یہ ہے کہ 1970 میں East Pakistan میں سیلاب آیا تھا تو اس وقت flood relief کے لیے پٹرولیم مصنوعات پر ٹیکس لگا دیا گیا تھا۔ وہ ٹیکس عوام آج دن تک دے رہی ہے۔ East Pakistan 43 سال پہلے ہم سے جدا ہو گیا ہے لیکن آج تک وہ ٹیکس ہم دے رہے ہیں۔ ہم اس چیز پر کیسے بھروسہ کر سکتے ہیں کہ جب 55 to 56% قیمتیں عالمی مارکیٹ میں کم ہوئی ہیں۔ بقول ڈار صاحب کے ہمیں relief 30% ملا ہے۔ اگر ڈار صاحب یہ کہہ دیں کہ ہم اس کو کم کریں گے تو جن ساتھیوں نے motion move کیا ہے میں ان سے کہوں گا کہ وہ اس motion کو واپس لیں اور ہم سب خاموش ہو جاتے ہیں۔ ڈار صاحب سے ہماری یہ request ہے کہ اس چیز پر فوری توجہ دیں اور اس کو ختم کریں یا اس کو پارلیمنٹ میں بحث کے لیے پیش کریں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: نسرین جلیل صاحبہ آپ اس حوالے سے بات کرنا چاہ رہی ہیں۔

**Senator Nasreen Jalil**

سینیٹر نسرین جلیل: جناب چیئرمین! میں صرف یہ کہنا چاہ رہی تھی کہ ڈار صاحب نے ہماری فنانس کمیٹی میں جب 2014-15 کا بجٹ آنے والا تھا تو SRO کے ذریعے انہوں نے پہلے ہی GST لاگو کر دیا تھا جس کو بعد میں ان کو withdraw کرنا پڑا تھا۔ اس وقت ہمیں ڈار صاحب نے assurance دی تھی کہ SRO کے کلچر کو ہم بالکل ختم کر رہے ہیں اور انہوں نے شاید IMF & World Bank سے بھی کہا ہے کہ تین سال میں جو SROs جاری ہو چکے ہیں ہم ان کو بتدریج ختم کرتے چلے جائیں گے۔ لیکن اگر یہ آج اس طرح کے SRO لاگو کر کے جس طرح عوام کی جیبوں پر ڈاکہ

ڈالا گیا ہے۔ پٹرولیم کی قیمتوں میں جو کمی ہو رہی تھی اس سے جو فائدہ عوام کو پہنچنا چاہیے تھا وہ اس حد تک نہیں پہنچ پا رہا ہے۔ تو میں ڈار صاحب کو صرف یاد دلانا چاہ رہی ہوں کہ ڈار صاحب! please don't go back on your words اور اس ٹیکس کو واپس لے لیں۔ جناب چیئرمین! یہ Resolution اس ہاؤس سے آنا چاہیے کہ 5% GST جو petroleum products پر لگایا گیا ہے وہ واپس لیا جائے۔

Mr. Chairman: Minister for Finance.

**Senator Muhammad Ishaq Dar**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: شکریہ، جناب چیئرمین! چند چیزیں میں سمجھتا ہوں کہ وضاحت مانگتی ہیں کیونکہ ان میں کچھ misunderstanding ہے۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ 14% reduction نہیں ہے۔ میں نے percentages میں بھی بتایا ہے۔ پانچ مہینوں میں جو actual reduction pass کی گئی ہے وہ میں دوبارہ معزز ممبر کی information کے لیے figures دے دیتا ہوں۔ جناب چیئرمین! prices decrease اس سے کافی زیادہ ہے۔ مثلاً پٹرول پر اب تک 27.49% reduction ہوئی ہے۔ High Octane پر 31.56% اب تک reduction ہوئی ہے۔ Kerosene oil کے اوپر 29.89% reduction ہوئی ہے۔ High Speed Diesel پر 21.13% اور Light Diesel oil کے اوپر 27.62% reduction ہوئی ہے۔ اگر کوئی misunderstanding ہے تو وہ دور ہونی چاہیے، یہ ساری public figures ہیں، آپ notifications سامنے رکھ لیں۔ Prices میں نے compare کر لی ہیں۔ میں time save کرنے کے لیے دوبارہ repeat نہیں کرتا۔ اب یہ presumption کہ یہ جو price کا differential حکومت رکھتی ہے تو حکومت اس میں بالکل ملوث نہیں ہے۔ معزز ممبر نے transparency کی بات کی، please call OGRA in the relevant Standing Committee of the Senate. OGRA calculate کرتا ہے، petroleum companies including PSO, PPL جو حکومت پاکستان کی ملکیت ہیں۔ وہ جو actual purchases ہوتی ہیں there is transparent working اور اس مہینے کی جو total purchase کی average price ہے وہ اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے لاگو ہو جاتی ہے اور اس پر حکومت کی ایک discretion ہوتی ہے کہ اگر قیمتیں بڑھ رہی

ہیں تو کیا حکومت اس قیمت کو بڑھانے کی بجائے اگر وہ یہ فیصلہ کرتی ہے۔ اب OGRA کا قانون اسی پارلیمنٹ نے پاس کیا ہوا ہے کوئی باہر کی پارلیمنٹ نے پاس نہیں کیا ہے۔ OGRA میں automatic mechanism ہے جس کے تحت prices جو actual cost ہوتی ہیں وہ pass on ہوتی ہیں increase or decrease every month اور اگر اس پر حکومت یہ فیصلہ کرے اور جو ہم نے 8 مہینے کئے اسی 22 billion کی جو cost ہے وہ Finance Ministry نے پھر بجٹ میں سے دی ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو relevant Committee ہے وہ اپنی تسلی کے لیے please OGRA کو بلائیں وہ regulator ہے۔ وہ Cabinet Division کے اندر آتی ہے جس کمیٹی نے اس کو بلانا ہے آپ ساری تفصیل لیں۔ حکومت کے پاس نہ یہ پیسے آتے ہیں ہمیں کیا اعتراض ہوسکتا ہے جبکہ حکومت پاکستان نہ خود خریدتی ہے اور نہ بیچتی ہے Government of Pakistan’s interest is limited to this 17% or 22% ۔ یہ میں clear کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین! میرے ایک معزز بھائی نے کہا کہ ضرب عضب اور Rapid Response Force کی provision کیوں نہیں کی گئی، یہ اس کی وجہ سے نہیں لگایا, please don’t misunderstand میں نے بتایا ہے کہ یہ add on additional requirements ہیں، ہمارے انہی ایوانوں میں پچیس سال گزرے ہیں، آپ کو بھی پتا ہے، ہمیں بھی پتا ہے کہ کب بجٹ کی exercise شروع ہوتی ہے؟ اسے دونوں ایوانوں نے pass کیا لیکن it is not levied for these two purposes, ضرب عضب یا Rapid Response Force کے لیے نہیں لگایا جا رہا۔ یہ 68 billion کے loss کو partially cover کرنے کے لیے لگایا جا رہا ہے جو prices کے نیچے جانے کی وجہ سے loss ہوا ہے، چونکہ اب percentage of that price کر دیا گیا ہے، اگر وہ fix ہوتا کہ اتنے روپے per liter تو پھر کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ اس لیے یہ ایک percentage ہے اور 68 billion کا loss ہے، اس لیے میں اس کی clarification ضرور دینا چاہتا تھا۔

جناب چیئرمین! میری بہن نے جو بات کی تھی، وہ clear ہو گئی ہے کہ حکومت منافع کما رہی ہے، حکومت منافع نہیں کما رہی، Government is not in oil business,

ان ایوانوں کا یا وفاقی Government is not buying oil or selling oil, حکومت کا interest صرف یہ ہے کہ to collect whatever the Government levy and i.e., 17% which is not 22%. جناب مندوخیل صاحب کا میں مشکور ہوں جنہوں نے کہا کہ اگر میں commit کروں تو یہ ذمہ داری لیتے ہیں، میں commit کرتا ہوں کہ جب price increase ہوگی تو میں اسے reduce کروں گا، this is my commitment. دیکھیں ہم نے اسے اکھٹے manage کرنا ہے، میں کوئی عقل کل نہیں ہوں، آپ مجھے بتائیں کہ 68 billion کی developmental cut لگا دیتے ہیں اور انہیں shelve کر دیتے ہیں لیکن میں یہ on record commitment کرنے کے لیے تیار ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ میری معزز بہن جو Chairperson Standing Committee on Finance ہیں، انہیں تھوڑی سی غلط فہمی ہوئی ہے، یہ بجٹ سے پہلے نہیں لگایا گیا تھا، the mechanism which was followed in this country for more than two decades اور وہ یہ تھا کہ بجٹ میں colonial زمانے کا جو temporary levy of taxes Act تھا، اس میں وزیر خزانہ ایک statement sign کرتا تھا اور پچیس سالوں سے ہر وزیر خزانہ وہ statement sign کرتا رہا، مجھے چھوڑ دیں۔ چونکہ جس چیز پر آپ increase کرتے ہیں تو اگلے دن سے وہ collect ہونا شروع ہو جاتی ہے، اس کے ذریعے حکومت collect کرتی ہے لیکن اب اس کا mechanism obviously پچھلے سال change ہو گیا، سب کو پتا ہے، اسے court direction پر withdraw کیا گیا لیکن پچیس سالوں سے وہی کچھ ہو رہا تھا۔ اب بھی کئی Commonwealth countries میں وہی قانون ہے۔ ہاں! UK نے اسے change کیا اور انہوں نے کہا کہ وہ صرف اس statement پر sign نہ کرے بلکہ جس دن بجٹ پیش کیا جائے اس دن ایک resolution pass کر لی جائے، وہاں یہ ہو رہا ہے۔ جب بھی آپ بجٹ کے ذریعے کوئی بھی tax increase کرتے ہیں and you know that it is going to be collected by the businessmen and not going to be deposited in the treasury تو انہوں نے اس sign کے علاوہ ایک reform کی ہے کیونکہ ان کا original law بھی وہی تھا جو ہمارا ہے، انہوں

نے کہا کہ اس دن House of Commons ایک resolution pass کر دے کہ یہ additional levy کل سے لاگو ہو گی۔ that is another way out.

جناب چیئرمین! میں گزارش کر رہا ہوں کہ وہ بجٹ کا حصہ تھا، وہ document budget میں signed تھا، آپ کو اگر یاد ہو تو وہ levy withdraw بھی ہوئی تھی کیونکہ سپریم کورٹ نے judgement دی تھی کہ اکیس تک آپ جمع کروا دیں اور اکیس سے تیس تک withdraw کر لیں تو ہم نے وہی کیا تھا، وہ 1st July سے لاگو ہو گیا تھا۔ جناب والا! یہ misunderstandings ہیں، please میں درخواست کروں گا and I will appreciate that relevant Committees OGRA کو بلائیں۔ آپ working check کریں، آپ کیوں نہیں کرتے؟ یہ آپ کا prerogative اور ذمہ داری ہے کہ on behalf of people of Pakistan you ensure کہ جو قیمت ہونی چاہیے وہ ہے، اگر اس میں کوئی غلط کام کر رہا ہے۔ Sir, let me share with you, I think, I can share with all my brothers, انہوں نے اس کی calculation اٹھائیس تاریخ تک کی ہوئی تھی، ایک کارگو راستے میں تھا جو پہنچ چکا تھا اور آپ نے اخبارات میں پڑھا ہو گا کہ petrol کی Rs. 6.07 average reduction تھی اور جو calculate ہو رہا تھا۔ اس میں تین روپے کچھ پیسے نکلتے تو تین روپے سے کم کی reduction تھی، I know how difficult it was for me to keep chasing OGRA کہ نہیں اس کارگو کو لاؤ اور اس میں ڈالو، would you imagine کہ تین روپے کا فرق پڑا، تیس دسمبر کی رات ایک بجے یہ فیصلہ ہوا۔ So we are conscious, اگر نہ ہوتا تو پیٹرول پمپوں کے مالک اور وہ لوگ جو oil business میں ہیں وہ پورا مہینہ پیٹرول پر تین روپے کا فائدہ اٹھاتے، ہر ایک کا دل اسی طرح ڈھرکتا ہے۔ میں نے یہ ensure کیا کہ آخری آنے والے کارگو کو بھی اس میں add کر کے average change کی جائے تاکہ prices fall کریں لیکن let the Committees work, وہ OGRA کو بلائیں، بیٹھ کر سارا mechanism دیکھیں، اس میں کسی improvement کی ضرورت ہے تو بتائیں لیکن again OGRA is obviously operating under an Act. Thank you.

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین!

جناب چیئرمین: میاں صاحب! Jahangir Badar *sahib* is asking, we have to see that it is confined only to five members, rule تو یہ کہتا ہے۔ چلیں! discretion ہے اسے exercise کرتے ہیں، it is an important issue and public interest کا معاملہ ہے تو we are discussing it.

**Senator Dr. Muhammad Jahangir Badar**

سینیٹر ڈاکٹر محمد جہانگیر بدر: جناب چیئرمین! آپ نے کہا کہ سب بولیں، I must contribute to this very important issue. جناب والا! میں وزیر صاحب کی بہت عزت کرتا ہوں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ Raza Rabbani is right that this is a direct tax جو levy کیا گیا ہے۔ وزیر صاحب نے جو reference پیش کیا ہے i.e., indirect. دنیا کی تمام Parliaments میں ایک principle طے ہے کہ Parliament is sovereign اور کوئی single/individual Parliament کو takeover نہیں کر سکتا، میں نے یہ بات Joint Session میں بھی کہی تھی اور آج بھی کہہ رہا ہوں۔ جو ruling آپ کے سامنے ہے، اس پر وزیر صاحب کے لیے دو سوالات بہت اہم ہیں، one constitutional and second is the impact. Constitutional question یہ ہے کہ کیا یہ ایوان کسی single/individual کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ ٹیکس نافذ کرے؟ آپ اس پر ruling دے دیں تاکہ آئندہ جو بھی وزیر خزانہ ہو وہ جب چاہے عوام پر ٹیکس نافذ کر دے۔ It has nothing to do with the rise and fall of the petroleum prices and OGRA etc., nothing, اس کا کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔ Minister *sahib* very well understands, he is a very able person لیکن چونکہ وہ جذباتی انداز میں آگے بڑھ رہے ہیں، اس لیے وہ اپنے argument کے لیے کئی سہارے لے رہے ہیں۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس پر غور کریں کہ کیا یہ پارلیمنٹ کسی ایک شخص کو یہ اختیار دیتی ہے؟ IPU کی کتاب جو "Tools for Parliament Practice" ہے، اس میں لکھا ہوا ہے، دنیا کی 88 Parliaments کو جو اختیارات حاصل ہیں، کیا آپ وہ فردِ واحد کو دیتے ہیں؟

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ اس حکومت کے برسر اقتدار آنے کے بعد جتنی مرتبہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے، اس کا تمام بوجھ عوام کو منتقل ہوا ہے۔ آٹا، دال، چینی، چاول، کرائے، ہر چیز میں بے شمار اضافہ ہوا ہے۔ اب بتایا جائے کہ پیٹرول کی قیمتوں میں جو کمی آئی ہے، index کے علاوہ وزیر صاحب نے ابھی تک کوئی چیز پیش نہیں کی، انہوں نے index کی قیمتوں کا جو comparison پیش کیا ہے، یہ ہر petrol pump پر لکھا ہوا ہے۔ Finance Minister is not a Petrol Pump owner. He has to tell the impact کہ غریبوں کو یہ منتقل ہوا ہے یا نہیں۔ کیا اس میں کوئی کمی آئی ہے؟

Mr. Chairman: Thank you Badar *sahib*.

سینیٹر ڈاکٹر محمد جہانگیر بدر: دیکھیں چیئرمین صاحب! ہمیں بھی کسی وقت ایک آدھ منٹ برداشت کر لیں۔

جناب چیئرمین: گزارش یہ ہے کہ سوموار کو اس پر تفصیلی بحث ہونی ہے۔ آپ سوموار کو اس پر بحث کیجئے گا۔

Senator Dr.Muhammad Jehangir Badar: I am raising a question for the discussion out of this.

یہ ٹیکس کی شکل میں جو بوجھ عوام پر ڈالنا چاہتے ہیں، اس طرح جو کمی آئی ہے اس سے قیمتیں کم ہوئی ہیں یا نہیں۔ میں کہتا ہوں کہ نہیں ہوئیں۔ عوام الناس سن رہے ہیں۔ جو وزیر صاحب نے ابھی تک کہا ہے، جس گلی محلے میں یہ پیدا ہوئے ہیں یا میں ہوا ہوں ان لوگوں کو ان کی بولی ابھی تک سمجھ نہیں آئی This is a budgetary dialect جو وزیر صاحب یہاں پیش کر رہے ہیں۔ عوام الناس کو سمجھانے کی کوشش کریں تاکہ ان کی تسلی ہو، لوگوں کے ساتھ بڑا ظلم ہوا ہے۔ آخری بات، یہ نہ ہو کہ لوگ سڑکوں پر آ جائیں اگر آ ئے تو بہت سارے لوگ یہاں سے بھی ان کے ساتھ ہوں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی عبدالنبی بنگش صاحب۔ ویسے وزیر صاحب پانچ کے بعد کسی کو جواب دینے کے پابند نہیں ہیں، یہ میں آپ سے عرض کر دوں۔ میں آپ کو بولنے کا latitude تو دے رہا ہوں لیکن I cannot ask the Minister to respond after five people.

سینیٹر عبدالنبی بنگش: شکریہ جناب چیئر مین! کم از کم ہم تو سنا سکتے ہیں، ہم رو تو سکتے ہیں، رونا تو منع نہیں ہے۔ جناب چیئر مین! اس سے پہلے کونسی ہماری بات سنی گئی ہے یا مانی گئی ہے۔ ہم یہاں صرف چیختے ہیں یا شاید دیواروں کے ساتھ باتیں کرتے رہے ہیں۔ بہر حال میں اتنا کہوں گا کہ جو میں نے سنا کہ پہلے ضرب عضب اور rapid force کے لیے پیسے چاہئیں تھے اور ابھی وزیر خزانہ نے وہ واپس لے لیا کہ نہیں ہمیں کچھ اور چیزوں کے لیے پیسے چاہئیں۔

میرے خیال میں یا تو اوگرا، حکومت یا وزیر اعظم صاحب نے خود بتایا کہ ڈیزل اور پٹرول پر چھ روپے اور تقریباً ساڑھے دس روپے فی لٹر ڈیزل اور پٹرول پر کمی کر رہے ہیں۔ ایک طرف حکومت یہ کریڈٹ لے رہی ہے کہ ہم نے سستا کر دیا اور دوسری طرف دیکھیں، میں اس کو آفیشل ڈاکہ کہوں گا، سادہ جواب ہے۔ یہ ایک ہاتھ سے دینے اور دوسرے ہاتھ سے لینے والی بات ہے۔ یہ sugarcoated poison ہے جو قوم کو کھلائی جا رہی ہے۔

میں کہتا ہوں جناب ڈار صاحب، جب آپ اپوزیشن میں ہوتے تھے تو آپ تو ایسی باتوں پر بہت زیادہ اعتراض کرتے تھے۔ میں ابھی بھی سمجھتا ہوں کہ ٹھیک ہے مجبوریاں ہوں گی لیکن آپ جو GST لگا رہے ہیں یہ پھر ساری عمر لگا رہے گا؟ اس کو فی الفور واپس لیا جائے تاکہ عوام کو relief مل سکے۔ شکریہ۔

## Walkout by the Opposition Parties on Levying Additional Tax

جناب چیئر مین: جی میاں صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس نامناسب اور کالی levy کے خلاف ہم واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر اپوزیشن جماعتوں نے ہاؤس سے واک آؤٹ کیا)

Mr. Chairman: Dar *sahib*, We have already said that we will have a detailed discussion on this on Monday, whether it is violative of Article 77 or not.

ایک چیز میں آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں اور یہ میں اپنے knowledge کے لیے سمجھنا چاہوں گا، اگر آپ کے اٹارنی جنرل آکر سمجھادیں یا آپ مجھے بتادیں کہ سیلز ٹیکس کے سلسلے میں آپ نے جس سیکشن۔3 کا حوالہ دیا اس میں تھوڑی سی بات یہ ہے کہ آپ غور کرلیں کہ Section-3(1) میں آپ نے ترمیم کی۔ میں Finance Act-2013 کا حوالہ دے رہا ہوں۔ A new inserted word 17 over there. اور Section 3(2)b جس کا آپ نے reference دیا ہے

it was never amended and it was in existence prior to that. What was the need in June 2013 that there was a specific amendment in that section and you inserted a word 17. If the Government or the Executive at the authority is in view of the provisions already in the sales tax then what was a need to specify a word 17 over there.

اس پر ہم آپ سے سوموار کو سنیں گے

then there will be somebody to respond to it. I want to understand myself also.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: بہت شکریہ، آپ نے بڑا valid and pertinent issue raise کیا ہے کہ جب سیکشن۔3(1) میں سولہ کو سترہ کیا گیا۔ ہم اب اس کو use کررہے ہیں there is very clear understanding and I hope you have this section-3 in front of you. Section-2 starts with, "Notwithstanding the provision of sub-section-1. میں اچھا بھلا وکیل بن چکا ہوں الحمدللہ۔ یہ مجھے بڑی جلدی honorary degree دیں گے۔ Notwithstanding the provision of sub-section(1) there may be wisdom behind جنہوں نے یہ قانون پاس کیا تھا۔ جب آپ بجٹ کے موقع پر broader آپ نے do not use this sub-section(2) a or b. کرتے ہیں تو and macro amendment, through the Parliament کرنی ہے آپ during the currency of year if we have to ادھر ہی کرلیں لیکن

increase or decrease then clearly section-2 says, notwithstanding, Mr. Chairman, you have mentioned sub-Section(1) and I am reading sub-Section(2). Notwithstanding the provision of sub-Section(1) and after that there is 'a' and 'b' and in (b) is, during the currency that means during the currency of the year, اگر کسی چیز کو higher or lower کرنے کی ضرورت ہے تو آپ اس کو استعمال کر سکتے ہیں۔

Mr. Chairman: But point is whether these provisions can override the articles of the Constitution? That has to be seen also.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جی ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: جی جعفر اقبال صاحب۔

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: میری گزارش ہوگی کہ پہلے تھوڑی سی misunderstanding ہوئی ہے تو آپ kindly Secretariat کو ہدایت دیں کہ رولز کی پرانی کتابیں لے لیں اور نئی ہمیں دے دیں تاکہ جب study کر کے آئیں تو اس کو ہم point out کر لیں۔

Mr. Chairman: Amendment should be inserted, you can ask for that.

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: وہ kindly کروادیں۔ دوسرا جناب میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ وزیر صاحب نے بڑی تفصیل سے جواب دیا تھا اور میری سمجھ سے بالا تر ہے کہ اپوزیشن نے واک آؤٹ کیا، کیا جو قیمتیں کل وزیر اعظم صاحب نے کم کی ہیں اس کے خلاف یا عوام کے خلاف انہوں نے واک آوٹ کیا ہے؟

Mr. Chairman: Thank you. The House stands adjourned to meet again on Friday, the 2nd January, 2015 at 10.00 am.

-----------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Friday, the 2nd January, 2015 at 10.00 am]*

------------------------

Index


Senator Mian Raza Rabbani .......... 31
Shaikh Aftab Ahmed .......... 5, 6
سینیٹر تاج حیدر .......... 6, 16
سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال .......... 47, 48, 49, 60
سینیٹر خالدہ پروین .......... 23
سینیٹر ڈاکٹر سعیدہ اقبال .......... 30
سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق .......... 17
سینیٹر سعیدالحسن مندوخیل .......... 51
سینیٹر عبدالنبی بنگش .......... 58
سینیٹر کامل علی آغا .......... 44, 45, 46, 47
سینیٹر کلثوم پروین .......... 50
سینیٹر محمد اسحاق ڈار .......... 31, 42, 43, 52, 59, 60
سینیٹر محمد زاہد خان .......... 3, 5, 17, 49, 50
سینیٹر میاں رضا ربانی .......... 3, 39, 43, 56, 58
سینیٹر نسرین جلیل .......... 51
سینیٹرڈاکٹر محمد جہانگیر بدر .......... 56, 57
سینیٹرڈاکٹرسعیدہ اقبال .......... 26
سینیٹرنسرین جلیل .......... 44
شیخ آفتا ب احمد .......... 5